بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
کوئٹہ
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE: 0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | جمعہ 25 ستمبر 2026 | 09 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 189

آصف علی زرداری
جمہوریت کے استحکام میں اخبارات کا غیر جانبدارانہ اور متوازن کردار قابل قدر ہے

صدر نے صحافت کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھنے اور آزاد صحافت کیلئے سازگار ماحول کے فروغ کے سلسلے میں پریس کو اپنی مسلسل حمایت کا بھرپور یقین دلایا

مصنوعی ذہانت کی تیز رفتار ترقی، جعلی خبروں کو ہدف بنا کر پھیلانا اور ڈس انفارمیشن پر مبنی مہمات بھی ہماری سماجی اقدار، ثقافتی نقطہ نظر اور طرز عمل کو متاثر کر رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے نوجوانوں کو اخبارات کے مطالعہ کی عادت اپنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ جمہوریت کے استحکام میں اخبارات کا غیر جانبدارانہ اور متوازن کردار قابل قدر ہے۔ توقع ہے کہ اخبارات کے ایڈیٹوریل بورڈز ریاست اور معاشرے کے وسیع تر مفاد میں سماجی و اقتصادی، مذہبی اور سیاسی مسائل کے ساتھ ساتھ خارجہ پالیسی

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جب تک آئین میں اجتماع کا حق موجود ہے ہم احتجاج کرینگے سہیل آفریدی

پولیس فورس کی اصل ذمہ داری عوام کے جان و مال کا تحفظ ہے پولیس کو کسی سیاسی تنازع یا سیاسی جماعت کے خلاف کارروائی میں الجھانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی پولیس اور عوام کی قربانیوں کے نتیجے میں 2015ء سے 2022 تک خیبر پختونخوا میں امن قائم ہوا

ہم کوئی مسلح جدوجہد یا یلغار کرنے نہیں جا رہے، ہم پرامن احتجاج کرنے جا رہے ہیں پرامن احتجاج روکنے کا حکم دینے والوں سے کہیں کہ آئین سے احتجاج کے حق کی شق نکال دیں، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ خیبرپختونخوا پولیس اور عوام گزشتہ 22 سال سے دہشتگردی کے خلاف مسلسل جنگ لڑ رہے ہیں اور اس جنگ میں پولیس اہلکاروں اور شہریوں کی بے مثال قربانیوں کے باعث آج

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں دہشتگردی؛ ملوث افغان عناصر کے شواہد ایک بار پھر سامنے آ گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں دہشت

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی حکومت کا خیبرپختونخوا کا ترمیم شدہ پولیس ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان

صوبائی حکومت ہوش کے ناخن لے، اسلام آباد آنے والے تمام 12 راستے کھلے ہیں، وزیر مملکت برائے داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے خیبرپختونخوا کا ترمیم شدہ پولیس ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ہماری بات سنی جائے، ہم پرامن ہیں اور اپنے حقوق کیلئے نکل رہے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

لانگ مارچ میں آنے والے سیاسی لوگوں کے خلاف نیٹ لانچر استعمال کرنیکا وقت نہیں، بیرسٹر علی گوہر کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہماری بات سنی جائے، ہم پرامن ہیں اور اپنے حقوق کیلئے نکل رہے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اتنے سنجیدہ

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم کا دورہ امریکہ
سرمایہ کاری اور عالمی روابط پر اہم ملاقاتیں

کاروباری شخصیات، نوجوانوں، آئی ایم ایف اور یورپی یونین قیادت سے ملاقاتیں، شام کے صدر سے دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال

حکومت سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے سازگار ماحول فراہم کر رہی ہے، شہباز شریف

نیویارک (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے دورہ امریکہ کے دوران پاکستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، معاشی اصلاحات، نوجوانوں کی ترقی اور عالمی شراکت داری سے متعلق اہم ملاقاتیں ہوئیں۔ وزیر اعظم نے امریکہ میں مقیم پاکستانی کاروباری شخصیات اور نوجوانوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری اور ملکی ترقی میں کردار ادا کرنے کی دعوت دی، جبکہ آئی ایم ایف کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا اور یورپی یونین کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتوں میں معاشی اصلاحات، تجارت اور باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نیویارک، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستانی تاجروں اور صنعت کاروں کے وفد ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان
پاکستان کو توڑنے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوگی

چیف منسٹر انسپکشن ٹیم نے ترقیاتی پروگرامز کے معائنے کا آغاز ان کے اپنے حلقے سے کیا، تاکہ واضح پیغام دیا جا سکے کہ احتساب کا عمل بلا امتیاز ہوگا انہوں نے کہا کہ کرپٹ عناصر کے خلاف کارروائی جاری ہے اور گرفتاریاں بھی عمل میں آ رہی ہیں

بلوچستان میں انسرجنسی نہیں، چند عناصر شناخت کی بنیاد پر علیحدگی کی سوچ کو فروغ دے رہے ہیں، پاکستان کو توڑنے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوگی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں انسرجنسی نہیں، بلکہ چند عناصر شناخت کی بنیاد پر علیحدگی کی سوچ کو فروغ دے رہے ہیں۔ ایسے عناصر پاکستان کو کیک کی طرح تقسیم کرنا چاہتے ہیں تاہم پاکستان کو توڑنے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رکن ایوان بالا سینیٹر دنیش کمار، معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون بھی موجود تھے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچ نوجوانوں کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، جس سے نہ بلوچستان کے نوجوانوں کو کچھ حاصل ہوگا اور نہ ہی صوبے کے مستقبل کو کوئی فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی اور پسماندگی کو بلوچستان میں بے امنی کی مرکزی وجہ قرار دینا درست نہیں، کیونکہ

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پٹرولیم لیوی کیخلاف تحریک جاری، (آج) لاہور میں بڑا جلسہ عام ہوگا لیاقت بلوچ

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن جلسہ میں لیوی کیخلاف سپر مارچ بارے اہم اعلان کریں گے

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری تحریک کے سلسلے میں آج بروز جمعہ کو لاہور میں جلسہ عام کا اعلان کیا ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن جلسہ میں لیوی کیخلاف میر

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مقبوضہ جموں و کشمیر میں صحافت کو شدید ریاستی جبر کا سامنا ہے، حریت کانفرنس

علاقے میں اظہار رائے کی آزادی کا حق مکمل طور پر سلب ہے، ترجمان

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ علاقے میں زمینی حقائق کو بے نقاب کرنے کی پاداش میں صحافت کو شدید ریاستی جبر کا سامنا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور امارات میں افرادی قوت، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے پر اتفاق

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی اماراتی قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیثی سے ملاقات، پیشہ ورانہ تربیت اور باہمی تعاون بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز و ترقی انسانی وسائل چوہدری سالک حسین نے کراچی میں متحدہ عرب امارات کے قونصل خانے کا دورہ کیا، جہاں اماراتی قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیثی نے ان کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ ملاقات

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز تعیناتی کی منظوری دیدی گئی

انتشاری اور مسلح جتھوں کے حملوں پر رینجرز اور پولیس مناسب اور ضروری جوابی ایکشن لے، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے ممکنہ لانگ مارچ کے دوران امن وامان برقرار رکھنے کیلئے اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز تعیناتی کی منظوری دے دی گئی۔ وزارت داخلہ نے اسلام آباد اور پنجاب

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عالمی قرض 3 لاکھ 65 ہزار ارب ڈالر تک پہنچ گیا

202 کی پہلی ششماہی میں عالمی قرض میں 10 ہزار ارب ڈالر کا اضافہ، بلند شرح سود، توانائی کی قیمتیں اور ایران تنازع اہم عوامل قرار

کراچی (این این آئی) 2026ء کی پہلی ششماہی کے اختتام تک دنیا کا مجموعی قرض 3 لاکھ 65 ہزار ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل فنانس (آئی آئی ایف) کے مطابق رواں سال کے پہلے 6 ماہ کے دوران عالمی قرض میں 10 ہزار ارب

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

علاقائی تنازعات میں پاکستان کے ثالثی کردار کو سراہتے ہیں، جرمن دفتر خارجہ

برلن (این این آئی) جرمن دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ جرمنی علاقائی تنازعات میں پاکستان کے ثالثی کردار

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اقوام متحدہ میں ٹرمپ کی دھمکیوں کے بعد اپنی تیار تقریر سے ہٹ کر تقریر کی، ایرانی صدر

ایرانی قوم طاقت کے سامنے سر نہیں جھکائے گی، ہم مذاکرات کیلئے تیار ہیں لیکن ہم طاقت کی زبان قبول نہیں کریں گے، گفتگو

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران کی فوجی طاقت دفاع کے لیے ہے، ہمیں کسی سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔ ایرانی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم خطے میں سلامتی کے لیے شراکت چاہتے ہیں، ہمسایوں کو بھی مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں۔ مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ میں

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چین کی ترقی کا راز قومی و نسلی اتحاد ہے، پاکستان سے تجربات شیئر کرنے کو تیار ہیں، چینی سفیر

اسلام آباد (این این آئی) چینی سفیر جیانگ زی ڈونگ نے کہا ہے کہ چین کی معاشی خوشحالی اور ترقی میں قومی و نسلی اتحاد نے کلیدی کردار ادا کیا، چین اپنے آہنی برادر ملک پاکستان کے ساتھ اپنے تجربات شیئر کرنے اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون و سیکھنے کے عمل کو مزید فروغ دینے کیلئے تیار ہے۔ چینی سفیر نے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بیرون ملک مقیم باصلاحیت پاکستانی نوجوان پوری قوم کا فخر ہیں، وزیر اعظم

پاکستان بھر کے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کیلئے آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور جدید ہنر سکھانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

نیویارک (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بیرون ملک مقیم باصلاحیت پاکستانی نوجوان بشمول پوری قوم کا فخر ہیں، پختہ یقین ہے کہ پاکستان کی قسمت صرف نوجوان ہی بدل سکتے ہیں، پاکستان بھر کے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کیلئے آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور جدید ہنر سکھانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔ جمعرات کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف سے امریکہ میں مقیم پاکستانی نوجوانوں

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

فیلڈ مارشل
پاکستان مالدیپ کے برادرانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے

پاکستان باہمی مفاد کیلئے مالدیپ سے تعلقات مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے، مالدیپ پیپلز مجلس کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ کی ملاقات

پاکستان اور مالدیپ کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے باہمی تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

راولپنڈی (آن لائن) چیف آف آرمی سٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان مالدیپ کے برادرانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، پاکستان باہمی مفاد کے لیے مالدیپ سے تعلقات مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مالدیپ کی پیپلز مجلس کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ کی جی ایچ کیو آمد ہوئی۔ مالدیپ کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ کی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پمز میں بکھری تین ایمرجنسیز کو یکجا کر کے نیا ٹراما سینٹر تعمیر کیا گیا ہے، وزیر صحت

حکومت لیبارٹری کے حوالے سے ایک نجی کمپنی کے ساتھ شراکت داری کرنے جا رہی ہے، سید مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ماضی میں پمز میں تین مختلف اور بکھری ہوئی ایمرجنسیز تھیں، جنہیں ایک جگہ منتقل کر کے نیا ٹراما سینٹر تعمیر کیا گیا ہے، پمز میں ساڑھے 7 ارب روپے کی لاگت سے نیا ٹراما سینٹر مکمل کیا گیا

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چینی صدر امریکا پہنچ گئے، ٹرمپ نے تاریخی ریڈ کارپٹ استقبال کیا، توپوں کی سلامی

استقبالیہ کے بعد ٹرمپ نے شی جن پنگ کو ان کی گاڑی تک پہنچایا جہاں دونوں رہنماؤں نے مختصر گفتگو کی

واشنگٹن (این این آئی) چینی صدر شی جن پنگ تین روزہ دورے پر امریکا پہنچ گئے، امریکی صدر ٹرمپ اور خاتون اول نے چینی صدر اور اہلیہ کا استقبال کیا۔ چینی صدر شی جن پنگ کے تین روزہ دورے کے آغاز پر جوائنٹ بیس اینڈریوز میں 100 ٹ

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

روس کو نہ روکا گیا تو مزید خونریزی ہوگی اور کوئی محفوظ نہیں رہے گا، یوکرینی صدر

یوکرین روسی توانائی تنصیبات پر حملے روکنے کے لیے تیار ہے بشرطیکہ دوسرا فریق بھی محتاط رہے، خطاب

کیف (این این آئی) یوکرینی صدر وولودیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن یوکرین کے خلاف جنگ ختم نہیں کرنا چاہتے اور اگر انہیں روکا نہ گیا تو مزید خونریزی ہوگی۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے زیلنسکی نے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عطا تارڑ
پاکستان افغان سرزمین سے کیے جانے والے حملوں کو ہرگز قبول نہیں کرے گا

افغان سرزمین سے ڈرونز کی شکل میں مداخلت پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی صریحاً خلاف ورزی ہے، وزیر اطلاعات

پاکستان دہشت گرد پراکسیز کی جانب سے بیرونی سرپرستی، پناہ اور معاونت کے ذریعے لاحق کسی بھی خطرے کے خلاف اپنی علاقائی سالمیت کا دفاع اور اپنے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ جاری رکھے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ فضائی اور ڈرون کارروائیوں کے ذریعے افغان طالبان حکومت کے زیر کنٹرول علاقوں میں 10 مقامات پر دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور معاون انفراسٹرکچر کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا جن میں ڈرونز کی لانچنگ اور ذخیرہ کرنے کے مقامات بھی شامل تھے، افغان سرزمین سے ڈرونز کی شکل میں مداخلت پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی صریحاً خلاف ورزی ہے، پاکستان دہشت گرد پراکسیز کی جانب سے بیرونی سرپرستی، پناہ اور معاونت کے ذریعے لاحق کسی بھی خطرے کے خلاف اپنی علاقائی سالمیت کا دفاع اور اپنے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ جاری رکھے گا۔ جمعرات کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں وفاقی وزیر اطلاعات

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

فیصل آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اعلیٰ برآمد کنندگان کے لیے بزنس ایکسیلنس ایوارڈ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان نے افغان سرزمین سے ڈرونز بھیجنا ملکی خودمختاری، سالمیت کی کھلی خلاف ورزی قرار دیدیا

پاکستان نے اپنے دفاع کے حق کے تحت افغانستان میں ڈرونز کی لانچنگ اور ذخیرہ کرنے کے 10 مقامات کو نشانہ بنایا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے گزشتہ روز افغان سرزمین سے ڈرونز کے ذریعے دراندازی کی شدید مذمت کرتے ہوئے افغان سرزمین سے ڈرونز بھیجنا ملکی خودمختاری، سالمیت کی کھلی خلاف ورزی قرار دیدیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستانی حکام نے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی قیادت سے بیک ڈور رابطے اب بھی ہیں، رانا ثنا اللہ

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

راولپنڈی، فیلڈ مارشل عاصم منیر مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر عبداللہ رحیم عبداللہ سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیر خزانہ کی اہم ملاقاتیں، ڈیجیٹائزیشن، پی آئی اے اور ریکوڈک پر مشاورت

ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار اقتصادی ترقی کا اہم ذریعہ ہے، وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی گفتگو

نیویارک (این این آئی) نیویارک میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی اہم ملاقاتیں ہوئیں جن میں پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن، ایوی ایشن، کان کنی اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

فیول ریلیف، چنگ چی اور لوڈرز رجسٹریشن مسائل فوری حل کیے جائیں، احد چیمہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ نے کہا ہے کہ چنگ چی رکشوں اور لوڈرز کی رجسٹریشن کے مسائل فوری حل کیے جائیں۔ احد چیمہ کی زیر صدارت وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم سے متعلق اجلاس اسلام آباد میں ہوا، جس میں وزیر اطلاعات عطا تارڑ، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک، وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ اور وزیر مملکت برائے خزانہ سمیت متعلقہ اداروں اور صوبائی حکومتوں کے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر پٹرولیم کی زیر صدارت اجلاس، وزیراعظم فیول ریلیف سکیم پر عملدرآمد، مصنوعات کی بلاتعطل دستیابی بارے انتظامات کا جائزہ لیا گیا

حکومت امن وامان کی کسی بھی صورتحال یا سڑکوں کی بندش کی صورت میں ایندھن کی فراہمی بلاتعطل رکھنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے، علی پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ حکومت امن وامان کی کسی بھی صورتحال یا سڑکوں کی بندش کی صورت میں ایندھن کی فراہمی بلاتعطل رکھنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے، پاکستان ریلوے سڑکوں کی بندش کی صورت میں ڈیزل کی ترسیل کے لئے زیادہ سے زیادہ ٹرین بوگیوں کی دستیابی یقینی بنائے گا۔

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی قیادت میں پاکستانی پارلیمانی وفد سرکاری دورے پر بیلاروس پہنچ گیا

منسک (اے این این) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی قیادت میں پاکستانی پارلیمانی وفد سرکاری دورے پر بیلاروس پہنچ گیا۔ منسک نیشنل ایئرپورٹ پر بیلاروسی پارلیمان کے ایوان جمہوریہ کے ڈپٹی چیئرمین ایگور برائیلوویچ اور بین الاقوامی امور و قومی سلامتی کی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین سرگئی الینک نے پاکستانی وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ پاکستانی پارلیمانی وفد کا دورہ ایوان جمہوریہ

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور مالدیپ کے تعلقات باہمی اعتماد، احترام اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

پارلیمانی سفارت کاری، تجارت، تعلیم، دفاع، سیاحت اور موسمیاتی تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے، سیدال خان ناصر

اسلام آباد (اے این این) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے مالدیپ کی پیپلز مجلس کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے پارلیمانی وفد کے ہمراہ اسلام آباد کے ایک مقامی ہوٹل میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور مالدیپ کے دو طرفہ

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کے الیکٹرک کا اوسط بنیادی ٹیرف 32.23 روپے فی یونٹ برقرار، اپیلیٹ ٹریبونل سے کمپنی کی اپیل مسترد

کراچی کے تقریباً 35 لاکھ صارفین کے بلوں پر براہ راست اثر نہیں پڑے گا، نیپرا کی جانب سے 19 فیصد کمی کا نظرثانی فیصلہ برقرار

کراچی (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کے الیکٹرک کے اوسط بنیادی ٹیرف میں 19 فیصد کمی کا نظرثانی فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے کمپنی کی اپیل مسترد ہونے کے بعد باقاعدہ فیصلہ جاری کر دیا۔ کے الیکٹرک کا اوسط بنیادی ٹیرف 32.23 روپے فی یونٹ برقرار رہے گا، تاہم فیصلے سے کراچی کے تقریباً 35 لاکھ صارفین

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

احسن اقبال
حکومت اور چیمبرز کو ٹیم بن کر ملکی معیشت کیلئے کام کرنا ہوگا

چیمبرز اپنے ممبران کی استعداد کار میں اضافہ کریں اور عالمی منڈیوں تک رسائی اور برآمدات کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کریں، وفاقی وزیر

معرکہ حق کے بعد اب معرکہ معیشت میں کامیابی حاصل کرنا لازم ہے، دفاعی اور سفارتی کامیابیوں کو معاشی کامیابی میں تبدیل کرنا ہوگا، خطاب

فیصل آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ فیصل آباد پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، حکومت اور چیمبرز کو ایک ٹیم بن کر ملکی معیشت کے لئے کام کرنا ہوگا، معرکہ حق کے بعد اب معرکہ معیشت میں کامیابی حاصل کرنا لازم ہے، دفاعی اور سفارتی کامیابیوں کو معاشی کامیابی میں تبدیل کرنا ہوگا۔ فیصل آباد چیمبر آف

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

27 ستمبر کا احتجاج عوامی مسائل کا حل نہیں، حکومت اور پی ٹی آئی مذاکرات سے حل نکالیں، زمرک خان اچکزئی

حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوامی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے ایسے اقدامات کریں جن سے سیاسی کشیدگی میں کمی آئے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے درمیان پیدا ہونے والے سیاسی اختلافات اور 27 ستمبر کے احتجاج کے معاملے کو بات چیت اور آئینی و قانونی طریقہ کار کے ذریعے

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے پاکستان بڑے قرض لینے والے ممالک میں شامل

آئی ایم ایف نے پاکستان کیلئے ایک ارب ایس ڈی آر منظور کیے، رقم تقریباً 1.3 ارب ڈالر کے مساوی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کیلئے آئی ایم ایف سے قرض لینے والے نمایاں ممالک میں شامل ہوگیا۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026ء میں آئی ایم ایف سے مالی معاونت حاصل کرنے والے ممالک کی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سونا عالمی و مقامی مارکیٹوں میں مزید سستا ہوگیا

کراچی (این این آئی) سونے اور چاندی کی عالمی و مقامی مارکیٹوں میں قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں جمعرات کو سونے کی قیمت 56 ڈالر فی اونس کم ہوگئی، جس کے بعد نئی عالمی قیمت 4 ہزار 258 ڈالر فی اونس کی سطح پر آگئی۔ عالمی مارکیٹ میں کمی کے اثرات کے باعث مقامی صرافہ بازاروں میں بھی سونے کی قیمت میں کمی ہوئی۔ فی تولہ سونا 5 ہزار 600 روپے سستا

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں صاف توانائی کے مستقبل کے لیے تھرمل بجلی گھروں کے نئے کردار پر لمز کی قومی ورکشاپ

شعبہ بجلی کی قیادت 2040ء تک سستی، قابل اعتماد اور ماحول دوست بجلی کے حصول کے لیے عملی ترجیحات پر گفتگو کی

اسلام آباد (اے این این) لمز انرجی انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام قومی مشاورتی ورکشاپ میں پاکستان کے بجلی کے شعبے کو صاف، سستی اور قابل اعتماد توانائی کی جانب منتقل کرنے کے لیے عملی اقدامات اور ادارہ جاتی ذمہ داریوں کا جائزہ لیا گیا۔ منعقدہ مشاورت میں بجلی کے شعبے کے اہم اداروں اور ماہرین نے 2040ء تک بجلی کے نظام کو نیٹ زیرو کی

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بزنس فیسلیٹیشن سینٹر ریگولیٹری اصلاحات کو عملی سرمایہ کاری سہولت کاری میں تبدیل کرنے کی ایک مؤثر مثال ہے، قیصر احمد شیخ

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ بزنس فیسلیٹیشن سینٹر ریگولیٹری اصلاحات کو عملی سرمایہ کاری سہولت کاری میں تبدیل کرنے کی ایک مؤثر مثال ہے۔ وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے نیویارک میں ورلڈ اکنامک فورم کے سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ امپیکٹ میٹنگز

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر داخلہ کی زیر صدارت اجلاس، اسلام آباد ماڈل جیل منصوبے کے باقی ماندہ تعمیراتی و انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا

ڈیڑھ دہائی سے تاخیر کا شکار اس اہم منصوبے کی تکمیل میں اب مزید تاخیر کی ہرگز کوئی گنجائش نہیں، محسن نقوی کا اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں گزشتہ 15 سال سے التوا کا شکار اسلام آباد ماڈل جیل منصوبہ بالآخر تکمیل کے قریب پہنچ گیا ہے اور حکومت نے آئندہ ماہ اس کا باضابطہ افتتاح کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق یہ فیصلہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کی زیر صدارت

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی محتسب کی مداخلت سے پاکستان ریلوے نے سرگودھا اور ملتان کے درمیان ساندل ایکسپریس بحال کر دی

ملتان اور سرگودھا کے درمیان سینکڑوں قصبوں اور دیہات کے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی مداخلت سے پاکستان ریلوے نے سرگودھا اور ملتان کے درمیان چلنے والی ریلوے ٹرین ساندل ایکسپریس طویل عرصے کے بعد دوبارہ بحال کر دی ہے جس سے علاقے کے لاکھوں عوام کو فائدہ

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امیر مقام اور وزیر اعظم آزاد کشمیر کے درمیان ملاقات، خطے کی موجودہ ترقیاتی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال

وفاقی حکومت خطے کی ترقیاتی ترجیحات کے حصول اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق منصوبوں کی تکمیل کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی

مظفر آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام سے وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر پیر سید افتخار گیلانی نے یہاں ملاقات کی۔ وزیر امور کشمیر کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم کی مظفر آباد آمد پر وفاقی وزیر کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران انجینئر امیر مقام نے وزیر اعظم پیر سید افتخار گیلانی کو

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی 8 دہشتگرد جہنم واصل

کارروائی کے بعد علاقے میں سکیورٹی اقدامات مزید مؤثر بنائے گئے ہیں، جبکہ دہشتگردوں کے ممکنہ سہولت کاروں اور دیگر عناصر سے متعلق بھی معلومات اکٹھی کی جا رہی ہیں

دہشت گردوں کے ٹھکانے مکمل طور پر تباہ، بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر سامان بھی برآمد

شمالی وزیرستان (آن لائن) خیبرپختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے 8 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا، جبکہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر سامان بھی برآمد ہوا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر کی گئی۔ مؤثر کارروائی کے نتیجے میں 8 دہشت گرد ہلاک ہوئے، جبکہ ان کے زیر استعمال ٹھکانوں کو بھی تباہ کر

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نیشنل جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی این جے اے سی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

افغانستان غلط فہمی سے نکل کر اچھے ہمسائے کی طرح رہے، ضیا لانگو

افغانستان ہمارا برادر ہمسایہ ملک ہے، افغانستان ایک غلط فہمی میں ہے کہ اس نے سوویت یونین کو شکست دی، وہ سوویت یونین بھی افغانستان کے اکیلے شکست کی وجہ نہیں تھی

افغانستان اب اس غلط فہمی میں ہے کہ وہ بڑی طاقت بن چکا ہے اور انڈیا، ہندوستان کے پیسوں کے زور اور اسرائیل کے پیسوں کے زور پر پاکستان سے لڑنا چاہتا ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا ہے کہ الحمدللہ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور اسلام کی دولت سے مالا مال ملک ہے، پاکستان ہمیشہ اپنی خودمختاری اور دفاع کے لیے تیار رہتا ہے افغانستان غلط فہمی سے نکل کر اصلی حقائق پر آئے جنگ، دیگر ممالک کے مفادات اور ہندوستان کے پیسوں کی بجائے ایک اچھے ہمسائے کی طرح پاکستان کے ساتھ رہے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ افغانستان ہمارا برادر ہمسایہ ملک ہے، افغانستان ایک غلط فہمی میں ہے کہ اس نے سوویت یونین کو شکست دی، وہ سوویت یونین بھی

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سیاست اور صحافت ایک دوسرے کے معاون شعبے ہیں، گورنر بلوچستان

ایک مضبوط اور ذمہ دار میڈیا معاشرے میں شہریوں کو ان کے حقوق و فرائض کا احساس دلانے میں اہم کلیدی کردار ادا کرتا ہے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ(این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ سیاست اور صحافت ایک دوسرے کے معاون شعبے ہیں جبکہ ایک مضبوط اور ذمہ دار میڈیا معاشرے میں شہریوں کو ان کے حقوق و فرائض کا احساس دلانے میں اہم کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ہم ہمیشہ پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا سے وابستہ میڈیا پرسنز کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور کئی دہائیوں سے صحافی برادری کے ساتھ انتہائی خوشگوار تعلقات رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان جرنلسٹس ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) بلوچستان کے صدر محمد حنیف جمالی کی قیادت میں پی جے اے کے عہدیداران پر مشتمل وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں پاکستان جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے محمد شاہد کلسی، ہما بلوچ، ہمیرو راجپوت، مہوش، فردوس، قریا بتول، مس نورین، مس دنیا، جہانزیب، اکرم، ارون کمار، محمد شہزاد، فیروز جمالی، محمد ظفر جمالی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ میڈیا ریاست کا ایک نہایت اہم ستون ہے اور پروفیشنل صحافی اپنے پیشہ ورانہ معیار اور وقار کو برقرار رکھتے

40

نیب (بلوچستان) کے ڈائریکٹر محمد سلیم احمد، ایڈیشنل رجسٹرار الحمد اسلامک یونیورسٹی قیم عباس اور ڈپٹی ڈائریکٹر نیب سلمان اکبر "نیب کے فرائض اور انسداد بدعنوانی میں طلبہ کا کردار" کے موضوع پر الحمد اسلامک یونیورسٹی میں منعقدہ سیمینار کے دوران طلبہ اور فیکلٹی سے خطاب کر رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام کا نوشکی میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دکھ کا اظہار

سنگین صورتحال کے دوران پولیو اور پولیس اہلکاروں کی جان کو خطرے میں ڈالنا عقل مندی نہیں

نوشکی(یو این اے) جمعیت علماء اسلام نوشکی کے ضلعی رہنماؤں نے اپنے ایک بیان میں نوشکی میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوشکی میں امن و امان کی سنگین صورتحال کے باوجود ضلعی افسران کی طرف سے پولیو مہم چلانا اور خواتین ورکرز اور نوجوان پولیس اہلکاروں کی جان کو خطرے میں ڈالنا عقل مندی نہیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پولیو مہم کے لیے گھر گھر جانے والے خواتین ورکرز اور پولیس نوجوانوں کے تحفظ کے لیے کوئی خاطر خواہ بندوبست نہیں نوشکی میں یہ پہلا واقعہ نہیں بلکہ پہلے بھی ایسے دل خراش واقعہ رونما ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ پولیو مہم میں ضلعی افسران کو باہر سے پیسے مل رہا ہے وہ اپنی رقم کی وصولی کے لئے نوجوانوں کی جان کو خطرے میں رہے ہیں۔

کوئٹہ، منشیات فروش اور جرائم پیشہ افراد سرگرم، عوام عدم تحفظ کا شکار

کوئٹہ کی اہم شاہراہوں اور علاقوں میں منشیات کے کھلے عام استعمال اور فروخت نے انتظامیہ کی کارکردگی پر بھی سوالیہ نشان کھڑا کر دیا ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں ایک بار پھر منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر نے سر اٹھا لیا ہے' منشیات کے کھلے عام استعمال سے نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے جبکہ چوریاں اور ڈکیتیاں بڑھنے سے غریب عوام روزانہ موبائل فونز، نقدی اور قیمتی اشیاء سے محروم ہو رہے ہیں' شہریوں نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں تیزی سے اضافہ اس وجہ سے بھی ہو رہا ہے کہ نوجوانوں کو کھیل اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع نہیں ملتے' کوئٹہ کی اہم شاہراہوں اور علاقوں میں منشیات کے کھلے عام استعمال اور فروخت نے انتظامیہ کی کارکردگی پر بھی سوالیہ نشان کھڑا کر دیا ہے' علاقہ مکینوں نے کہا کہ آئے روز موبائل فون اور موٹر سائیکل چھیننے کے واقعات نے عوام کو شدید ذہنی کوفت میں مبتلا کر رکھا ہے' انہوں نے حکومت، پولیس کے اعلیٰ حکام اور بالخصوص چیف جسٹس بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر نوٹس لے کر منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے۔

پشتون ثقافت ہماری شناخت، روایات اور تہذیبی ورثے کی علامت ہے، سردار برات خان درانی

ہمیں جدید دور کے تقاضوں کے ساتھ ساتھ اپنی تہذیبی و ثقافتی اقدار کو بھی محفوظ رکھنا ہوگا' سیاسی و قبائلی رہنما

کوئٹہ (اے این این) سیاسی و قبائلی رہنما سردار برات خان درانی نے پشتون ثقافت و کلچر ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط شاندار روایات، اقدار، مہمان نوازی، بہادری، رواداری اور بھائی چارے کا حسین امتزاج ہے، جسے زندہ رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ پشتون قوم نے ہمیشہ اپنی روایات، اقدار اور ثقافتی ورثے کو اہمیت دی ہے۔ پشتون ثقافت امن، محبت، اخوت، جرگہ، حجرہ اور مہمان نوازی جیسی روایات سے عبارت ہے، جو ہماری اجتماعی شناخت کا اہم حصہ ہیں۔ سردار برات خان درانی نے کہا کہ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان ہوتی ہے اور نوجوان نسل کو اپنی زبان، لباس، روایات اور تاریخی ورثے سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمیں جدید دور کے تقاضوں کے ساتھ ساتھ اپنی تہذیبی و ثقافتی اقدار کو بھی محفوظ رکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے منانے کا مقصد اپنی ثقافت پر فخر کرنے کے ساتھ ساتھ نئی نسل کو اپنے شاندار ماضی اور روایات سے آگاہ کرنا ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا اہم اجلاس،

ڈیجیٹلائزیشن اور ٹیکس انفورسمنٹ مزید موثر بنانے کا فیصلہ

کوئٹہ(یو این اے) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کی زیر صدارت ٹیلی کمیونیکیشن، لیبر و مین پاور اور سیکیورٹی سروسز کے شعبوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز نے موجودہ مالی سال کے دوران ٹیکس وصولی، رجسٹریشن اور مقررہ اہداف کے حصول کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ پیش کی، جبکہ شعبوں میں ٹیکس وصولی کی صورتحال اور پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ چیئرپرسن نے ٹیکس انتظامیہ کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن اور مختلف نظاموں کے باہمی (Systems Integration) پر زور دیا۔ انہوں نے ڈیٹا کے مؤثر تجزیے کے لیے ایک جامع اور مربوط ڈیٹا اینالیٹکس سسٹم کی تیاری کی ہدایت بھی کی تاکہ دستیاب معلومات کو بروئے کار لاتے ہوئے ٹیکس بیس، رجسٹریشن اور محصولات کی وصولی میں بہتری لائی جاسکے۔

کانک، محکمہ آبپاشی کے تین ملازمین مبینہ طور پر اغوا، دو روز گزرنے کے باوجود کوئی پیش رفت نہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سے فوری نوٹس لینے اور مغوی ملازمین کی بحفاظت بازیابی کے لیے ہنگامی اقدامات کا مطالبہ

کانک(یو این اے) محکمہ آبپاشی کے تین ملازمین کو دفتر کی جانب سے سرکاری امور کے سلسلے میں دورے کے لیے کانک بھیجا گیا تھا، تاہم وہ مبینہ طور پر نامعلوم افراد کی جانب سے اغوا کر لیے گئے ہیں۔ واقعے کو دو روز گزرنے کے باوجود مغوی ملازمین کے بارے میں تاحال کوئی واضح معلومات یا سرکاری سطح پر پیش رفت سامنے نہیں آ سکی ہے، جس کی وجہ سے اہل خانہ اور محکمہ کے ملازمین میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ متاثرہ خاندانوں اور ملازمین نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس واقعے کا فوری نوٹس لیں اور متعلقہ اداروں کو محکمہ آبپاشی کے تینوں مغوی ملازمین کی بحفاظت بازیابی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی سخت ہدایت جاری کریں۔

معیشت کے استحکام کیلئے ٹھوس اقدامات ضروری ہیں، سید امان شاہ

معاشی بحران کے خاتمے کیلئے سیاسی استحکام اور قومی اتفاق رائے ناگزیر ہے، صوبائی صدر اے پی پی

کوئٹہ(یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش معاشی مشکلات کے خاتمے کیلئے سیاسی استحکام، قومی اتفاق رائے اور جامع معاشی پالیسی کی ضرورت ہے۔ مسلسل مہنگائی، بے روزگاری، بجلی و گیس کے بڑھتے ہوئے اخراجات اور کاروباری سرگرمیوں میں کمی نے عام شہری اور تاجر برادری دونوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی بہتری صرف اعداد و شمار تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اس کے ثمرات عام آدمی تک پہنچنا ضروری ہیں۔ حکومت کو مہنگائی پر قابو پانے، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو سہولیات دینے اور صنعت و تجارت کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔

ڈھاڈر بائی پاس پر ڈاکوؤں کی فائرنگ

خاتون جاں بحق

ڈھاڈر(این این آئی) ڈھاڈر میں بدامنی کا سلسلہ برقرار ڈھاڈر بائی پاس قومی شاہراہ پر گزشتہ شب ڈکیتی کی واردات کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک خاتون جاں بحق ہوگئی واقعے کے بعد علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب ڈھاڈر بائی پاس قومی شاہراہ پر مسلح ڈاکوؤں نے مبینہ طور پر ایک گاڑی کو روکنے کی کوشش کی تاہم گاڑی نہ رکنے پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار ایک خاتون گولی لگنے سے موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی۔

کوئٹہ: اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی سے پارلیمانی سیکرٹری پرنس احمد عمر احمد زئی ملاقات کر رہے ہیں

کوہلو، سول ہسپتال کوہستان مری میں جان بچانے والی ادویات کی قلت، مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا

کوہلو(یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری کے سول ہسپتال میں جان بچانے والی اہم ادویات کی قلت پیدا ہوگئی، جس کے باعث غریب اور مستحق مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوہستان مری کے سول ہسپتال میں مختلف بیماریوں کے علاج کے لیے استعمال ہونے والی اہم اور جان بچانے والی ادویات دستیاب نہ ہونے کے باعث مریضوں اور ان کے لواحقین کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ادویات کی عدم دستیابی کے باعث غریب مریض بازار سے مہنگی ادویات خریدنے پر مجبور ہیں۔

سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مشاورتی مشن کے ساتھ بلوچستان میں روزگار کے فروغ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ماہی گیروں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہرممکن کوشش کی جائیگی، سائرہ عطاء

وندر(یو این اے) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ساحلی علاقے ڈام بندر میں منعقدہ کھلی کچہری اور محکمہ فشریز و فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے اپنے خطاب میں کہا کہ ماہی گیروں کے ساتھ ہونے والی زیادتیاں کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی ڈام بندر میں صرف مچھلیاں موجود ہیں لیکن ان میں سانس اور روح نہیں ایمرجنسی کی صورت میں کسی کو ریسکیو کرنے تک کے آلات موجود نہیں صوبائی حکومت ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کے لیے اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈام بندر اور سونمیانی میں جاری منصوبوں میں مقامی لوگوں کو ترجیح دی جائے گی جبکہ محکمہ فشریز میں بھی یہاں کے مقامی افراد کو بھرتی کیا جائے گا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لسبیلہ سراج احمد بلوچ، فشریز ڈیپارٹمنٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر شکیل احمد اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبدالہادی و دیگر نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کو بریفنگ دی۔

عوامی سیلاب کو طاقت سے نہیں روکا جاسکتا، سید صادق آغا

27 ستمبر کے لانگ مارچ کو روکنے کیلئے ملک بھر میں گرفتاریاں، اسلام آباد کو جیل میں تبدیل کرنا قابلِ مذمت ہے

کوئٹہ(یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کو سبوتاژ کرنے کیلئے ملک بھر میں گرفتاریوں، اسلام آباد کو بند کر کے جیل میں تبدیل کرنے اور مسافر ٹرانسپورٹ کی جبری بندش کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی کارکنوں اور عوام کو اپنے جمہوری و سیاسی حق سے محروم کرنے کی کوششیں قابل افسوس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف شہروں میں کارکنوں کی گرفتاریوں اور راستوں میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کے ساتھ مسافر ٹرانسپورٹ کی جبری بندش سے عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ ٹرانسپورٹرز کو بھی بھاری مالی نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ سیاسی اختلافات کو انتقامی اقدامات اور طاقت کے بجائے سیاسی و جمہوری طریقے سے حل کرے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ عوام کے سیاسی جذبات اور مطالبات کو گرفتاریوں، راستوں کی بندش اور دیگر رکاوٹوں کے ذریعے ختم نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف اپنے کارکنوں اور عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔

بلوچستان محکمہ جیل کے ذمے کیسکو کے 19 کروڑ 60 لاکھ روپے واجب الادا

کوئٹہ(یو این اے) محکمہ جیل بلوچستان کے ذمے کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے بجلی کے واجبات 19 کروڑ 60 لاکھ روپے تک پہنچ گئے، جس پر کیسکو حکام نے صوبے کی مختلف جیلوں کے سپرنٹنڈنٹس کو واجبات کی ادائیگی کے لیے نوٹسز جاری کر دیے ہیں۔ جیل حکام کے مطابق محکمہ جیل کے ذمے کیسکو کی خطیر رقم واجب الادا ہے، جس سے متعلق متعلقہ حکام کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔ جیل حکام کا کہنا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے فنڈز جاری ہوتے ہی کیسکو کے بجلی کے واجبات ادا کر دیے جائیں گے۔ حکام کے مطابق بجلی کے واجبات کی بروقت ادائیگی کے معاملے پر محکمہ جیل اور کیسکو کے درمیان رابطہ جاری ہے۔

جمعیت علماء اسلام اور دینی مدارس قومی سیاست میں اعتدال کی مضبوط آواز ہے، حافظ محمد صدیق مدنی

انتہاپسندی اور دہشت گردی کے مشکل دور میں بھی جمعیت علماء اسلام نے پرامن سیاسی جدوجہد کو اپنا راستہ بنایا۔ جمعیت

چمن (اے این این) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنما حافظ محمد صدیق مدنی، مولوی فضل الباری، حافظ محمد ادریس فاروقی، حافظ حضرت علی، ملا نصرالدین اور حافظ سیف الرحمان صدیق نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام اور دینی مدارس قومی سیاست میں اعتدال کی مضبوط آواز ہے اور جمعیت علماء اسلام کی سیاسی خدمات کا ایک اہم پہلو دینی مدارس، علماء اور مذہبی طبقے کو قومی سیاست کے پرامن اور آئینی دھارے میں فعال رکھنا ہے۔ پاکستان جیسے نظریاتی اور مذہبی معاشرے میں یہ ایک بڑی ذمہ داری ہے کہ دینی طبقات اپنے مسائل اور مطالبات کو طاقت اور تصادم کے بجائے سیاسی، قانونی اور پارلیمانی ذرائع سے پیش کریں۔ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ اس بات پر زور دیا ہے کہ مدارس ملک کے تعلیمی اور دینی نظام کا اہم حصہ ہیں اور ان کے ساتھ اعتماد، مشاورت اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے معاملات طے کیے جانے چاہئیں۔ دینی مدارس کے نصاب، انتظامی امور اور مالیاتی معاملات کے حوالے سے ریاست اور مدارس کے درمیان مکالمے کو جماعت نے ہمیشہ ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت کی سیاسی جدوجہد کا ایک نمایاں پہلو یہ بھی ہے کہ اس نے مذہبی طبقے کو قومی دھارے سے الگ کرنے کے بجائے پارلیمنٹ اور سیاسی اداروں کے ذریعے اپنا کردار ادا کرنے کی ترغیب دی۔ یہی وجہ ہے کہ علماء اور دینی مدارس سے وابستہ افراد نے ملک کے مختلف سیاسی اور جمہوری اداروں میں عوامی نمائندگی کی۔ انہوں نے کہا کہ انتہاپسندی اور دہشت گردی کے مشکل دور میں بھی جمعیت علماء اسلام نے پرامن سیاسی جدوجہد کو اپنا راستہ بنایا۔

پشتون ثقافت امن، رواداری اور بھائی چارے کی علامت ہے، ظاہر خان ناصر

پشتون ثقافت کا تحفظ اور اسے نئی نسل تک منتقل کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے' صدر بی ایف ای اے

کوئٹہ(اے این این) بلوچستان فورم آف انوائرمنٹل جرنلسٹس کے صدر ظاہر خان ناصر نے پشتون ثقافت دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط تاریخی روایات، اقدار، تہذیب، مہمان نوازی، بہادری، رواداری اور بھائی چارے کی خوبصورت عکاس ہے۔ پشتون ثقافت کا تحفظ اور اسے نئی نسل تک منتقل کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم نے ہمیشہ اپنی روایات اور ثقافتی اقدار کو مقدم رکھا ہے۔ حجرہ، جرگہ، مہمان نوازی، بزرگوں کا احترام، باہمی اخوت اور رواداری پشتون معاشرے کی نمایاں روایات ہیں، جو آج بھی معاشرے کو جوڑنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ ظاہر خان ناصر نے کہا کہ ثقافت کسی بھی قوم کی شناخت اور اس کے تاریخی ورثے کا اہم حصہ ہوتی ہے، اس لیے نوجوان نسل کو اپنی مادری زبان، روایتی لباس، ادب، موسیقی، لوک فنون اور تاریخی روایات سے روشناس کرانا ضروری ہے۔ جدید دور کے تقاضوں کے ساتھ اپنی ثقافتی شناخت اور روایات کو محفوظ رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت میں قدرت، ماحول اور مقامی وسائل کے ساتھ ہم آہنگ زندگی گزارنے کی روایات بھی پائی جاتی ہیں۔ موجودہ دور میں ماحول کے تحفظ، قدرتی وسائل کے بہتر استعمال اور آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی روایتی دانش سے بھی استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ صدر بلوچستان فورم آف انوائرمنٹل جرنلسٹس ظاہر خان ناصر نے پشتون ثقافت دن کے موقع پر پشتون قوم سمیت تمام شہریوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ثقافتی دن منانے کا مقصد صرف اپنی روایات کو اجاگر کرنا نہیں بلکہ امن، محبت، برداشت، باہمی احترام اور بھائی چارے کے پیغام کو فروغ دینا بھی ہے۔

کوئٹہ، پنجپائی کے زمینداروں کا پیاز کی افغانستان سمگلنگ پر تشویش کا اظہار، فوری بند نہ کرنے پر سخت احتجاج کی دھمکی

کوئٹہ(یو این اے) پنجپائی کے زمینداروں کا پیاز کے افغانستان سے سمگلنگ کے روک تھام کیلئے اجلاس زیر صدارت استاد حاجی حبیب سالاتی منعقد ہوا جسمیں علاقے کے زمینداروں کے علاوہ ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران استاد میران بخش سالاتی محمود احمد مشوانی مسعود احمد مشوانی محمد اقبال شاہوانی عبدالاحد مشوانی محمد امان مشوانی حافظ لطیف درانی خلیل احمد گرگناڑی محمد ایاز سالاتی عبدالستار سالاتی نے شرکت کی شرکا اجلاس سے استاد حاجی حبیب نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اہلیان پنجپائی کا واحد ذریعہ معاش زراعت پر ہے ایک مہنگائی سے کھاد اور زرعی ادویات کی خرید فروخت پر مکمل پابندی پابندی کی وجہ زمینداروں فصلات سے حاصل ادھی رہے گئے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 22ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان میں شریک ایک طالبہ کو لیپ ٹاپ دے رہے ہیں

صوبائی مشیر سردار غلام رسول عمرانی کی سربراہی دو فریقین کا تنازعہ حل

عمرانی (نوتکانی) برادری میں جاری دیرینہ تنازع کو ختم کر کے شیر وشکر کر دیا گیا ہے

بابا کوٹ (اے این این) صوبائی مشیر سردار غلام رسول عمرانی کی سربراہی میں ڈیرہ اللہ یار میں عظیم الشان بلوچی میڑ: جمالی اور عمرانی (نوتکانی) برادری میں جاری دیرینہ تنازع کے خاتمے کی راہ ہموار نصیر آباد اوستہ محمد کی دو معروف برادریوں کے درمیان جاری دیرینہ دشمنی و تنازعات کو ختم کرنے اور علاقے میں امن، اخوت کے قیام کے لیے ایک عظیم الشان بلوچی میڑ (جرگہ/ دفعہ) کا انعقاد کیا گیا۔ یہ باوقار میڑ صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی کی سرپرستی اور سربراہی میں ڈیرہ اللہ یار میں ایس ایچ او اعزازی عبدالرؤف جمالی کی رہائش گاہ پہنچی۔ اس پروقار قافلے میں سینکڑوں گاڑیوں کا کاروان اور علاقے کی ممتاز سیاسی، سماجی و قبائلی شخصیات شامل تھیں۔ اس عظیم الشان قبائلی پیش رفت میں سردار بارون خان جمالی، میر فائق علی خان جمالی، ایس ایس پی نصیر آباد اسد اللہ ناصر، سردار زادہ حق ممتاز خان عمرانی، میر بلال احمد عمرانی، میر نظام الدین لہڑی، حاجی غلام مصطفیٰ رند، سید اسلم شاہ، سید ذوالفقار علی شاہ، اللہ دوست عمر سالکڑی، وڈیرہ احمد نواز کھنگ، سرکردہ جان محمد عمرانی، سرکردہ محمد صدیق عمرانی، سرکردہ محمد صدیق مندوانی، سرکردہ بابو رسول بخش عمرانی، حاجی عباس عمرانی، میر ظہیر احمد عمرانی، سرکردہ دین محمد نوتکانی، وڈیرہ فتح علی خان نوتکانی اور محمد بخش نوتکانی سمیت نصیر آباد کی مختلف اقوام کے معززین اور سید برادری سمیت علاقے کے معتبرین کی بڑی تعداد میں شرکت کی۔

پاکستان میں عالمی بحری قوانین پر عمل درآمد جاری ہے، جنید انوار چوہدری

قوانین پر موثر عمل درآمد کے لیے قانون سازی، نفاذ، تربیت اور استعداد کار میں اضافے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان بحری شعبے اور اس سے متعلق آپریٹرز میں بین الاقوامی بحری قوانین اور معیارات پر عمل درآمد کر رہا ہے، ان قوانین پر موثر عمل درآمد کے لیے قانون سازی، نفاذ، تربیت اور استعداد کار میں اضافے کی ضرورت ہے۔ ورلڈ میری ٹائم ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ 2026 کا موضوع پالیسی سے عمل درآمد تک: بحری شعبے میں بہترین کارکردگی کا فروغ بحری پالیسیوں اور بین الاقوامی معیارات کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کی اہمیت اجاگر کرتا ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ بحری معیارات پر عمل درآمد کے لیے متعلقہ حکومتی اداروں، ریگولیٹرز، بندرگاہوں، شپنگ کمپنیوں اور دیگر سٹیک ہولڈرز کے درمیان موثر رابطہ اور تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بحری شعبے میں تربیت اور تکنیکی تعاون خصوصی اہمیت رکھتے ہیں تاکہ بحری جہازوں پر خدمات انجام دینے والے افراد اور دیگر بحری شعبے کے ماہرین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنایا جا سکے اور آپریشنل معیارات

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ژوب، بائی پاس کی تعمیر فوری شروع نہ کی گئی تو بھرپور احتجاجی تحریک شروع کریں گے، آل پارٹیز ایکشن کمیٹی

ژوب(یو این اے) ژوب بائی پاس کی تعمیر جلد از جلد شروع اور مکمل کر کے شہر اور عوام کو اس دیرینہ مسئلے اور درپیش مشکلات سے نجات دلائی جائے۔ بائی پاس کی تعمیر میں مزید تاخیر کی صورت میں سخت احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی، جس میں احتجاجی مظاہرے، ریلیاں اور دھرنے شامل ہوں گے۔ اگر اس کے باوجود بھی بائی پاس کی تعمیر عمل نہ کی گئی تو احتجاج کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے صدر عبدالجبار کاکڑ، ٹرانسپورٹ یونین کے ملک طائر خان، جمعیت علمائے اسلام کے مولوی اختر گل، مولوی عصمت اللہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے جنرل سیکرٹری عبدالخالق ناصر، زاہد خان لوون، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صدر عبدالقیوم ایڈووکیٹ، حاجی نصیب خان ناصر، نعمت خان مندوخیل، پاکستان پیپلز پارٹی کے رحمان اللہ مندوخیل، شیخ عمران بابر، عوامی نیشنل پارٹی کے صدر جمعہ خان بابر، نذیر افغان، جماعت اسلامی کے فہد خان مندوخیل، ملیزئی ترقیاتی کمیٹی کے صدر نور الحق کاکڑ، عبداللہ زئی ویلفیئر کمیٹی کے صدر نور اللہ کاکڑ اور انجمن تاجران کے عبدالجبار عرف طور مندوخیل سمیت دیگر رہنماؤں نے ژوب میں ایک اہم مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق ڈپٹی میئر یونس لہڑی، چوہدری شبیر اور سید نوید حیدر ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

اولیائے کرام وصوفیائے عظام کی دینی وروحانی خدمات امت کا قیمتی سرمایہ ہے، ذوالفقار طارقی

خانقاہوں نے ہمیشہ امن، محبت، اخوت اور بھائی چارے کا پیغام عام کیا، رہنما اہلسنت جماعت کا بیان

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت وجماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارقی قادری نے اپنے رفقاء کے ہمراہی میں شیخ المشائخ حضرت حاجی محمد شکیل بابا رحمۃ اللہ علیہ کے مزار اقدس پر حاضری دی اس موقع پر شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اولیائے کرام اور صوفیائے عظام کی دینی، روحانی اور اصلاحی خدمات تاریخ اسلام کا روشن باب ہیں، جنہیں کسی بھی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اولیائے کرام نے اپنی زندگیوں میں شریعت اسلام کی مکمل پاسداری کرتے ہوئے انسانیت کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت، سنت رسول ? کی پیروی، محبت، اخوت اور امن کا درس دیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ جدید دور میں بعض حلقوں کی جانب سے اولیائے کرام اور صوفیائے عظام کی حقیقی تعلیمات کو مسخ کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، جو نہ صرف قابل افسوس بلکہ امت کے لیے لمحہ فکریہ بھی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اولیائے کرام اور صوفیائے عظام کی تعلیمات شریعت اسلام سے الگ نہیں بلکہ قرآن و سنت کی روشنی میں انسان کی اصلاح، تزکیہ? نفس اور معاشرے میں خیر و بھلائی کے فروغ کا ذریعہ ہیں۔ جو شخص اولیائے کرام اور صوفیائے عظام سے محبت کا دعویٰ کرتا ہے، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ شریعت اسلام کی تعلیمات پر بھی عمل پیرا ہو۔ محض زبانی محبت اور عقیدت کے دعوے کافی نہیں، بلکہ حقیقی محبت کا تقاضا کردار و عمل میں دین اسلام کی پیروی ہے۔

پاکستان IMF مذاکرات 1.2 ارب ڈالر کی دو قسطوں کا معاملہ زیرغور

مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کے لیے مجموعی طور پر 2 . 1 ارب ڈالر کی دو قرض اقساط کے حصول کی راہ ہموار ہوسکتی، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور (آئی ایم ایف) کے درمیان 2 . 1 ارب ڈالر کی دو قرض اقساط کے حصول کے لیے مذاکرات جاری ہیں، جن میں پاکستان کی معاشی کارکردگی، بیرونی شعبے، مالیاتی اہداف اور اصلاحاتی اقدامات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے تعلیم و صحت کے شعبوں پر مطلوبہ اخراجات نہ ہونے، بجٹ میں شماریاتی فرق اور اخراجات کے مقررہ ہدف کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ ذرائع کے مطابق سرکاری اداروں میں گورننس اصلاحات پر مطلوبہ پیش رفت نہ ہونے کا معاملہ، اکنامک صورتحال، مالیاتی پالیسی، بیرونی شعبے اور اصلاحاتی پروگرام پر عملدرآمد کا شروع کر دی ہے، جس کے دوران ملکی معیشت کی مجموعی صورتحال اور پ سرکاری اداروں میں گورننس اصلاحات پر عملدرآمد سے متعلق تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات میں تعلیم اور صحت پر اخراجات کے مقررہ ہدف کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ پاکستان کو دونوں شعبوں پر مجموعی طور پر 3.47 ٹریلین روپے خرچ کرنے کی شرط پوری کرنا تھی، تاہم مطلوبہ ہدف کے

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول الاہی بخش جمالی میں تقریب کا انعقاد کیا گیا

کھیلوں کے مقابلوں میں طلبہ نے بھرپور جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا اور اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا

گنداخہ (اے این این) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول الاہی بخش جمالی میں ہیڈ ماسٹر شاہین اسلم سمیجو اور اسکول اسٹاف استاد ذوالفقار علی جمالی، استاد سید زاہد علی شاہ اور استاد یاسر علی جمالی کی نگرانی میں طلبہ میں یونیفارم، تعلیمی سامان اور اسپورٹس کا سامان تقسیم کیا گیا، جبکہ طلبہ کے درمیان کرکٹ، فٹ بال، والی بال اور رسی کشی کے شاندار مقابلے بھی منعقد کیے گئے۔ کھیلوں کے مقابلوں میں طلبہ نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ اسکول انتظامیہ کی جانب سے طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا گیا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کی سرگرمیاں بچوں کی جسمانی صحت، ذہنی نشوونما اور باہمی تعاون کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اس موقع پر ہیڈ ماسٹر شاہین اسلم سمیجو نے کہا کہ اسکول میں طلبہ کو معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے اساتذہ اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہے ہیں۔ اسکول میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ کھیلوں پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ طلبہ تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھ سکیں۔

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کو یونیورسٹی آف بلوچستان میں زیر تعمیر جدید آئی ٹی لیب اور ای کامرس کی بلڈنگ کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

پشتون ثقافت امن، محبت اور بھائی چارے کا روشن پیغام ہے' نعمت اللہ ظہیر

پشتون نوجوان تمام تر توجہ تعلیم پر مرکوز رکھیں، جس کے ترقی اور خوشحالی ناممکن ہے' چیئرمین کے کے ایف انٹرنیشنل

کوئٹہ (اے این این) خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کے چیئرمین و تمغہ امتیاز نعمت اللہ ظہیر نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت نہ صرف ایک تاریخی ورثہ ہے بلکہ امن، محبت، قربانی، مہمان نوازی اور بھائی چارے کی روشن مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کو یہ جاننا چاہیے کہ پشتون قوم اپنی اعلیٰ اقدار، روایات اور انسان دوستی کے ذریعے عالمی امن میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ نعمت اللہ ظہیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کا مقصد صرف فلاحی خدمات تک محدود نہیں بلکہ ہم اپنی نوجوان نسل کو یہ شعور دینا چاہتے ہیں کہ وہ علم، تحقیق اور مثبت سرگرمیوں کو اپنائیں۔ ان کے بقول، اگر نوجوان اپنی توانائی تعمیری میدان میں صرف کریں تو پشتون معاشرہ دنیا بھر میں ترقی اور خوشحالی کی ایک عظیم مثال بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان ہوتی ہے، اور عالمی پشتون ثقافتی دن کا انعقاد اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم اپنی زبان، ادب، موسیقی اور روایتی اقدار کو آنے والی نسلوں تک منتقل کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

میونسپل کمیٹی وندر کے زیر اہتمام آوارہ کتوں کیخلاف مہم کا آغاز کیا گیا

وندر(یو این اے) میونسپل کمیٹی وندر نے آوارہ کتوں کے خلاف کتا مار مہم کا آغاز کر دیا۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر امام بخش برہ، وائس چیئرمین عبدالحمید رونجھ، چیف آفیسر عبدالبصیر خان مندوخیل، سیکرٹری عنایت اللہ رانجھوز کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی کا عملہ گزشتہ دو روز سے وندر شہر کے مختلف علاقوں، گلی محلوں اور آبادیوں میں آوارہ کتوں کے خلاف کارروائی میں مصروف ہے۔ اس حوالے سے میونسپل کمیٹی وندر کے ذمہ داران کا کہنا ہے کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور انہیں صاف ستھرا اور محفوظ ماحول فراہم کرنا میونسپل کمیٹی کی ذمہ داری ہے۔ شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باعث شہریوں بالخصوص بچوں، خواتین اور بزرگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ جس کا بروقت نوٹس لیتے ہوئے کتا مار مہم شروع کی گئی ہے۔ وندر کے مختلف علاقوں میں میونسپل کمیٹی کا عملہ صورتحال کا جائزہ لے کر آوارہ کتوں کے خلاف کارروائی کر رہا ہے۔

حیدر اچکزئی کو یوتھ کوآرڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا ناانصافی ہوگی، اکبر علی چنہ

پارٹی کارکنوں کے ساتھ ناانصافی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، طاہر نعمانی

اوستہ محمد(یو این اے) پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کے کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، حیدر خان اچکزئی کو یوتھ کوآرڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا بلوچستان کے نوجوانوں اور پارٹی کے مخلص کارکنوں کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ نصیر آباد ڈویژن کے جوائنٹ سیکرٹری اکبر علی چنہ، ضلع اوستہ محمد کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی مشتاق احمد بوہڑ اور بانی رکن طاہر نعمانی نے یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مسلم لیگ کے نظریاتی اور مخلص کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی بیہودہ کوششیں تشویشناک ہیں، جن کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ پارٹی کارکنان نے ہمیشہ مسلم لیگ کے لیے مشکل حالات میں جدوجہد کی ہے، اس لیے ان کی خدمات اور قربانیوں کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔

نوکنڈی، پدگ میں پی ٹی سی ایل سسٹم کو نقصان، ضلع چاغی بھر میں مواصلاتی نظام چوتھے روز بھی معطل

نوکنڈی(یو این اے) بلوچستان کے علاقے پدگ میں پی ٹی سی ایل سسٹم کو نقصان پہنچنے کے بعد نوکنڈی دالبندین سمیت ضلع چاغی بھر میں مواصلاتی نظام چوتھے روز بھی معطل ہے، جس کے باعث صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے علاقے پدگ میں پی ٹی سی ایل سسٹم کو شدید نقصان پہنچنے کے بعد نوکنڈی دالبندین سمیت ضلع چاغی بھر میں مواصلاتی نظام چوتھے روز میں معطل ہے جس کے باعث صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے پدگ کے علاقے میں پی ٹی سی ایل کے سسٹم کو حملے سے نقصان پہنچایا تھا، جس کے بعد نوکنڈی دالبندین سمیت ضلع بھر میں یوفون، ڈی ایس ایل، فائبر اور لینڈ لائن سروسز مکمل طور پر متاثر ہوگئی ہیں۔

تاجر برادری مزید نقصان برداشت کرنے کی پوزیشن میں نہیں، انجمن تاجران پنجگور

مسلسل مالی نقصان نے تاجر برادری کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے

پنجگور(یو این اے) انجمن تاجران پنجگور نے کہا ہے کہ بڑی تعداد میں تاجروں نے انجمن تاجران پنجگور کے صدر سے ملاقات کر کے کوئٹہ پنجگور روٹ پر تاجروں کو درپیش مسلسل سنگین صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا انجمن تاجران کے مطابق گزشتہ دو روز پہلے منگوچر کے علاقے میں پنجگور کا تاجر برادری کے آٹے سے لدے دو ٹرک مسلح افراد اپنے ساتھ لے گئے، جنہیں آج دوپہر 13 لاکھ روپے کی ادائیگی کے بعد چھوڑ دیا گیا بار بار تاجروں کے ٹرک اور سامان روکے جانے، بھاری رقوم کے مطالبات اور مسلسل مالی نقصان نے تاجر برادری کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ تاجر اب مزید اس نقصان کا بوجھ اٹھانے کی پوزیشن میں نہیں ہے اسی صورتحال کے پیش نظر پنجگور تاجر برادری نے فیصلہ کیا ہے کہ اب مزید راشن کی ترسیل نہیں کی جائے گی، جس میں آٹا، چاول اور دیگر اشیائے خورد و نوش شامل ہیں۔ واضح کیا کہ تاجر برادری کسی سے تصادم نہیں چاہتی اور نہ ہی کسی غیر قانونی اقدام کا حصہ بننا چاہتی ہے، لیکن اگر اپنے کاروبار، سرمایہ اور جان و مال کا تحفظ ممکن نہیں تو تاجر برادری کے پاس اپنے کاروبار اور راشن کی ترسیل روکنے کے سوا کوئی راستہ باقی نہیں رہتا۔ ترجمان نے کہا کہ تاجر ہر روز اپنے لاکھوں کروڑوں روپے کا نقصان ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکتے۔ اگر حکومت اور متعلقہ انتظامیہ تاجروں کے ٹرکوں، سامان اور کاروبار کو تحفظ فراہم نہیں کر سکتی۔

بنیادی حقوق پر امن جدوجہد جاری رہے گی، غلام سرور شیرانی

پی ایس ڈی پی میں شیرانی کے عوام کے لیے خاطر خواہ ترقیاتی منصوبے شامل نہیں کیے گئے

شیرانی (یو این اے) ضلع ہیڈکوارٹر شیرانی، میر علی خیل (ستور رانڈ) کی بحالی اور تمام سرکاری اداروں کی مکمل فعالیت کے لیے جاری پرامن دھرنا 207 ویں روز میں داخل ہوگیا۔ آل شیرانی حریفال اتحاد کے سربراہ سردار غلام سرور شیرانی نے قبائلی عمائدین اور نوجوانوں کے ہمراہ دھرنے میں شرکت کی۔ اس موقع پر سردار غلام سرور شیرانی، مولوی شمس الدین شیرانی، مولوی محمد امین شیرانی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شیرانی کے عوام اپنے جائز اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے طویل عرصے سے پرامن جدوجہد کر رہے ہیں، مگر مسلسل نظرانداز اور محرومی نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ اپنے حقوق کے حصول کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ مقررین نے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں سے ضلع شیرانی کے عوام کو بنیادی سہولیات، ترقیاتی منصوبوں اور روزگار کے مواقع کے حوالے سے مسلسل محرومی کا سامنا ہے۔

کوئٹہ، امراضِ قلب میں اضافہ، نوجوان بھی خطرناک بیماری کی زد میں

فاسٹ فوڈ، کولڈ ڈرنکس، موٹاپا، ورزش سے دوری اور رات گئے تک موبائل کا استعمال قلبی صحت کے لیے خطرے کی گھنٹی

کوئٹہ(اے این این) کوئٹہ میں امراضِ قلب کے باعث اموات اور اچانک دل کے دورے کے واقعات تشویشناک صورتحال اختیار کر رہے ہیں، جبکہ نوجوانوں میں غیر صحت مند طرزِ زندگی اس مسئلے کو مزید سنگین بنا رہا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق فاسٹ فوڈ اور غیر متوازن غذا کا بڑھتا ہوا رجحان، کولڈ ڈرنکس کا زیادہ استعمال، ورزش اور جسمانی سرگرمی سے دوری، موٹاپا، رات گئے تک جاگنے اور طویل وقت تک موبائل و دیگر اسکرینز کے سامنے بیٹھے رہنے کی عادات صحت قلب پر منفی اثرات مرتب کر سکتی ہیں۔ ممتاز طبی ماہرین نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ فاسٹ فوڈ، کولڈ ڈرنکس اور ضرورت سے زیادہ تلی ہوئی و غیر متوازن غذاؤں کے استعمال میں کمی لائیں، روزانہ جسمانی سرگرمی یا ورزش کو معمول بنائیں، وزن کو قابو میں رکھیں اور رات گئے تک موبائل اسکرین استعمال کرنے کے بجائے مناسب نیند کو ترجیح دیں۔ اس کے ساتھ بلڈ پریشر، شوگر اور کولیسٹرول کی بروقت جانچ بھی ضروری ہے۔

اوتھل، لسبیلہ کے معذور افراد بنیادی حقوق سے محروم سرکاری نوکریوں میں کوٹے پر عملدرآمد نہ ہونے پر پریس کانفرنس

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ ڈویژن کے معذور افراد کے ہیڈ کوارٹر اوتھل سے تعلق رکھنے والے معذور افراد حافظ نبی بخش مانڈرہ اور محمد اسماعیل مانڈرہ نے سٹی پریس کلب اوتھل میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ لسبیلہ میں معذور افراد اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں، جبکہ سرکاری ملازمتوں میں معذور افراد کے لیے مختص کوٹہ موجود ہونے کے باوجود اس پر مؤثر عملدرآمد نہیں کیا جا رہا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نبی بخش مانڈرہ اور محمد اسماعیل مانڈرہ نے کہا کہ سرکاری ملازمتوں کے اشتہارات میں معذور افراد کے لیے کوٹہ مختص کیا جاتا ہے، تاہم عملی طور پر معذور افراد کو اس کوٹے کے تحت ملازمتیں فراہم نہیں کی جاتیں، جس کے باعث انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

دینی مدارس قومی سیاست میں اعتدال کی مضبوط آواز ہے، حافظ محمد صدیق

مشکل دور میں بھی جمعیت علما اسلام نے پرامن سیاسی جدوجہد کو اپنا راستہ بنایا

چمن(یو این اے) جمعیت علما اسلام چمن بلوچستان کے رہنما حافظ محمد صدیق مدنی، مولوی فضل الباری، حافظ محمد ادریس فاروقی، حافظ حضرت علی، ملا نصرالدین اور حافظ سیف الرحمان صدیق نے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام اور دینی مدارس قومی سیاست میں اعتدال کی مضبوط آواز ہے اور جمعیت علما اسلام کی سیاسی خدمات کا ایک اہم پہلو دینی مدارس، علما اور مذہبی طبقے کو قومی سیاست کے پرامن اور آئینی دھارے میں فعال رکھنا ہے۔ پاکستان جیسے نظریاتی اور مذہبی معاشرے میں یہ ایک بڑی ذمہ داری ہے کہ دینی طبقات اپنے مسائل اور مطالبات کو طاقت اور تصادم کے بجائے سیاسی، قانونی اور پارلیمانی ذرائع سے پیش کریں۔ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ اس بات پر زور دیا ہے کہ مدارس ملک کے تعلیمی اور دینی نظام کا اہم حصہ ہیں اور ان کے ساتھ اعتماد، مشاورت اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے معاملات طے کیے جانے چاہئیں۔ دینی مدارس کے نصاب، انتظامی امور اور مالیاتی معاملات کے حوالے سے ریاست اور مدارس کے درمیان مکالمے کو جماعت نے ہمیشہ ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت کی سیاسی جدوجہد کا ایک نمایاں پہلو یہ بھی ہے کہ اس نے مذہبی طبقے کو قومی دھارے سے الگ کرنے کے بجائے پارلیمنٹ اور سیاسی اداروں کے ذریعے اپنا کردار ادا کرنے کی ترغیب دی۔ یہی وجہ ہے کہ علما اور دینی مدارس سے وابستہ افراد نے ملک کے مختلف سیاسی اور جمہوری اداروں میں عوامی نمائندگی کی۔

بلوچستان میں دفعہ 144 نافذ

اسلحہ یا پانچ یا زائد افراد کے اجتماع پر پابندی

اسی طرح عوامی مقامات پر پانچ یا اس سے زائد افراد کے اجتماع، دھرنوں، جلوسوں، ریلیوں، مظاہروں اور دیگر اسی نوعیت کے اجتماعات پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے صوبے بھر میں امن وامان اور عوامی تحفظ کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے اسلحہ کی نمائش، عوامی مقامات پر پانچ یا زائد افراد کے اجتماع اور چہرہ ڈھانپنے پر پابندی عائد کر دی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے جاری حکم نامے کے مطابق پابندیاں فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی اور 30 روز تک جاری رہیں گی جنہیں مجاز اتھارٹی قانون کے مطابق واپس، تبدیل یا توسیع دے سکتی ہے۔ حکم نامے کے تحت عوامی مقامات پر کسی بھی قسم کے ہتھیار کی نمائش، ساتھ رکھنے یا استعمال پر پابندی عائد کی گئی ہے، تاہم قانون کے تحت خصوصی طور پر مجاز افراد یا مقامات اس پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے اسی طرح عوامی مقامات پر پانچ یا اس سے زائد افراد کے اجتماع، دھرنوں، جلوسوں، ریلیوں، مظاہروں اور دیگر اسی نوعیت کے اجتماعات پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ حکم نامے میں عوامی مقامات پر نقاب، ماسک یا

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان زیر تعمیر عبدالقدوس روڈ منصوبے پر جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL:sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

صوبے اپنی الگ فوج یا پولیس نہیں بنا سکتے

پولیس کے شہداء پیکیج میں اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ جدید آلات کی فراہمی کے لیے بھی فنڈز فراہم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے ادائیگی کے باوجود آلات کی فراہمی میں غیر معمولی تاخیر پر اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا فوج کے ماتحت ہے اور خیبر پختونخوا حکومت گزشتہ سال ہی ادائیگی کر چکی ہے، اس کے باوجود صوبے کی پولیس کے لیے مطلوبہ بکتر بند گاڑیاں تاحال فراہم نہیں کی گئیں۔ اسلام آباد کے لیے جدید بکتر بند گاڑیاں تیار کر کے دے دی گئی ہیں، لیکن خیبر پختونخوا پولیس کو اب تک بکتر بند گاڑیاں نہیں ملیں۔ میں نے ان سے کہا ہے کہ اسلام آباد کو دی جانے والی بکتر بند گاڑیاں صرف تحریک انصاف کے خلاف استعمال ہوں گی، اس لیے یہ گاڑیاں خیبر پختونخوا پولیس کو دی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ این آر ٹی سی کو جیمرز اور ڈرونز کے خلاف دفاعی نظام کی مد میں ادائیگیاں بھی خیبر پختونخوا حکومت کر چکی ہے۔ این آر ٹی سی اور ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا (ایچ آئی ٹی) سے مطالبہ ہے کہ جیمرز، بکتر بند گاڑیاں اور دیگر ضروری آلات جلد از جلد خیبر پختونخوا پولیس کو فراہم کیے جائیں تاکہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس کو درکار وسائل میسر آ سکیں۔ سہیل آفریدی نے موجودہ وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت کی ترجیحات کا موازنہ کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے کے بجائے تحریک انصاف کو ختم کرنا اور عمران خان کو جھکانا مرکز میں موجود جعلی حکومت کی ترجیح بن گیا ہے، جبکہ ہمارا مفاد کسی سیاسی جماعت کو ختم کرنا نہیں، ہماری ترجیح دہشتگردی سے نمٹنا ہے۔ اگر پولیس کا مفاد بھی کسی سیاسی جماعت کو ختم کرنا بن جائے تو خیبر پختونخوا کے عوام کہاں جائیں گے؟ دہشتگردی کی جنگ سے پولیس کا دھیان ہٹا کر کسی کے سیاسی مقاصد کی طرف موڑنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ 15 اکتوبر 2025 کو حلف اٹھانے کے بعد انہوں نے کسی پولیس افسر کو کوئی غلط حکم نہیں دیا، کسی پولیس افسر کو سیاسی یا ذاتی انتقام کا نشانہ بنانے کا حکم نہیں دیا اور نہ ہی کسی کے خلاف غلط ایف آئی آر درج کرنے کا حکم دیا۔ جب میں بطور چیف ایگزیکٹو پولیس کو غلط احکامات نہیں دیتا تو کسی اور کو بھی غلط احکامات دینے کا حق نہیں۔ کسی پولیس افسر کا فرض نہیں کہ وہ کسی کا غلط حکم مانے۔ اگر کسی اور کی طرف سے غلط حکم آئے تو پولیس کو انکار کرنا سیکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے وژن کے مطابق خیبر پختونخوا پولیس کو سیاسی مداخلت سے آزاد رکھا گیا ہے۔ نہ کبھی پولیس کے معاملات میں مداخلت کی اور نہ پوسٹنگ اور تبادلوں کے معاملات میں مداخلت کی۔ گزشتہ چار پانچ دنوں سے جو کچھ ہو رہا ہے وہ انتہائی افسوسناک ہے۔ پولیس کو مزاحمت کرنی چاہیے اور اپنے پیشہ ورانہ فرائض پر توجہ مرکوز رکھنی چاہیے۔

پاؤں رکتے نہیں زمانے کے

ڈاکٹر سعدیہ بشیر

"میرے پاس وقت ہی نہیں ہے"۔ یہ جملہ شاید آج کے انسان کا سب سے عام جملہ ہے۔ منیر نیازی کے الفاظ میں: وقت کس تیزی سے گزرا روزمرہ میں منیر آج کل ہوتا گیا اور دن ہوا ہوتے گئے ہم یہ جملہ دفتر، گھر، دوستوں کے درمیان اور کبھی کبھی اپنے بچوں سے بھی کہتے ہیں۔ ہمیں وقت نہیں ملتا کتاب پڑھنے کا، کسی دوست کو فون کرنے کا، والدین کے پاس بیٹھنے کا، اپنے بچوں کی بات سننے کا، حتیٰ کہ کچھ دیر خاموش بیٹھنے کا بھی، لیکن عجیب بات یہ ہے کہ ہمارے ہاتھ میں موجود موبائل فون بتاتا ہے کہ ہم دن میں کئی گھنٹے اسکرین کے سامنے گزارتے ہیں۔ کبھی ایک زمانہ تھا جب کسی کے گھر فون آتا تو پورا گھر اس آواز کی طرف متوجہ ہو جاتا۔ خط ملتا تو پورا دھیان اس سے منسلک رہتا۔ اخبار پڑھنے بیٹھتے تو اخبار ہی پڑھا جاتا۔ کتاب ہاتھ میں ہوتی تو دنیا کچھ دیر کے لیے باہر رہ جاتی۔ اب دنیا ہماری جیب میں ہے۔ اور شاید یہی ہماری مشکل بھی ہے۔ ہم بیک وقت کئی جگہ موجود رہنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دفتر میں بیٹھے گھر کے پیغامات دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ گھر میں بیٹھے دفتر کی ای میل کا جواب دے رہے ہوتے ہیں۔ دوست کے ساتھ چائے پیتے ہوئے موبائل پر کسی اور شخص سے بات کر رہے ہوتے ہیں۔ کتاب پڑھتے notification دیکھ لیتے ہیں اور پھر دوبارہ کتاب کی طرف آتے آتے معلوم نہیں کتنی دیر گزر جاتی ہے۔ ہم مصروف بہت ہیں، مگر حاضر کم ہیں۔ یہ فرق معمولی نہیں۔ کسی انسان کو اپنا وقت دینا اور اپنی توجہ دینا دو الگ چیزیں ہیں۔ آپ کسی کے پاس ایک پہر بیٹھ سکتے ہیں، مگر اگر آپ کی نظریں مسلسل فون کی اسکرین پر ہوں تو آپ نے اسے اپنی موجودگی کا صرف ایک خول دیا ہے۔ اپنی توجہ نہیں۔ شاید اسی لیے آج کے دور میں تنہائی کا ایک عجیب سا مسئلہ پیدا ہوا ہے۔ لوگ ایک دوسرے سے پہلے سے زیادہ جڑے ہوئے ہیں۔ مگر ایک دوسرے کے لیے پہلے سے کم دستیاب ہیں۔ ہمیں ہر خبر فوراً چاہیے۔ ہر پیغام کا جواب فوراً چاہیے۔ ہر تصویر پر ردعمل چاہیے۔ ہر واقعے پر رائے دینی ہے۔ ہر خاموشی کو کسی نہ کسی آواز سے بھرنا ہے۔ اور پھر ہم حیران ہوتے ہیں کہ ذہن تھک کیوں گیا ہے۔ اصل میں ہمارا ذہن صرف کام سے نہیں تھکتا۔ مسلسل توجہ بدلنے سے بھی تھکتا ہے۔ ہم نے اپنے دن کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ چند منٹ ادھر، چند منٹ ادھر۔ ایک کام شروع کیا، درمیان میں دوسرا کام آ گیا۔ دوسرا مکمل ہونے سے پہلے تیسرا سامنے آ گیا۔ دن ختم ہوتا ہے تو ہمارے پاس تھکن تو ہوتی ہے مگر اطمینان نہیں۔ کیونکہ تھکن ہمیشہ کام زیادہ کرنے سے نہیں آتی۔ کبھی کبھی کاموں کے درمیان مسلسل بھٹکتے رہنے سے بھی آتی ہے۔ شاید ہمیں اپنے وقت کا حساب رکھنے سے پہلے اپنی توجہ کا حساب رکھنا چاہیے۔ دن میں کچھ وقت ایسا بھی ہونا چاہیے جب فون خاموش ہو۔ جب کوئی notification ہمیں نہ بلائے۔ جب ہم کسی کتاب کے ایک صفحے کو بغیر رکے پڑھ سکیں۔ جب والدین کے پاس بیٹھیں تو صرف ان کی بات سنیں۔ جب بچوں کے ساتھ ہوں تو واقعی بچوں کے ساتھ ہوں۔ جب دوست سامنے بیٹھا ہو تو اس کی آنکھوں میں دیکھ کر بات کریں۔ اور سب سے بڑھ کر، کبھی کبھی اپنے ساتھ بھی بیٹھیں۔ خاموشی سے۔ بغیر کسی اسکرین کے۔ بغیر کسی notification کے۔ توشہ خانہ رولز 2026 نافذ، صدر اور وزیراعظم کے سوا تمام سرکاری عہدیداران کو سرکاری حیثیت میں تحائف قبول کرنے سے گریز کی ہدایتہمیں ہر وقت یہ احساس دامن گیر رہتا ہے پیچھے رہ گئے ہیں ڈھیر سارے کام اور مہلت ذرا سی ہے۔

سیاسی کارکن اور بے رحم سیاست

تسنیم شاہد

ملتان میں پیپلز پارٹی کے دیرینہ کارکن ایم سلیم راجہ کا کسمپرسی کے عالم میں انتقال ہوا تو مجھے پھر یہ بات یاد آ گئی کہ سیاسی جماعتوں کو مفت میں یہ کارکن میسر آ جاتے ہیں ان کی کمروں پر اپنے اقتدار کا تخت سجانے والے کہاں سے کہاں پہنچ جاتے ہیں مگر وہ وہیں کے وہیں رہتے ہیں اور بالآخر دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں۔ ایم سلیم راجہ کی قسمت تو پھر بھی اچھی تھی کہ محترمہ بے نظیر بھٹو جب پہلی مرتبہ اقتدار میں آئیں تو انہوں نے اندرون شہر ملتان کے رہنے والے اس نام کے راجہ کو اپنی تجارت کی وزارت کا مشیر برائے وزیراعظم بنا دیا۔ کوئی اختیار تھا اور نہ کوئی حالات بدلنے کا امکان، البتہ اسے جھنڈے والی گاڑی مل گئی تھی۔ وہ اندر سے پکا جیالا تھا۔ ایک عام سے غریب گھرانے کا نوجوان، مگر تھا بہت مخلص اور سچا و کھرا۔ یہ اس کے لئے خوابناک دن تھے۔ اس نے دو چار نئی واسکٹیں سلوائی تھیں اور شلوار قمیض پر انہیں پہن کر زندگی کے اچھے دن گزارنا شروع کئے۔ خوش قسمتی یہ بھی تھی کہ محترمہ بے نظیر بھٹو اسے ذاتی طور پر جانتی اور اہمیت دیتی تھیں۔ یہ دن بہت جلدی گزر گئے اور اس کے بعد سلیم راجہ کو باقی زندگی ان بیتے دنوں کی یاد میں گزارنی پڑی، لیکن پیپلز پارٹی سے وابستگی کا عشق کم نہیں ہوا۔ پارٹی کی ہر تقریب، ہر جدوجہد میں وہ آگے آگے رہتا، مگر اس کی کلاس نہیں بدلی۔ وہ موٹر سائیکل سے بڑی گاڑی تک نہیں آیا۔ چھوٹے گھر سے بڑے تک اس کی کہانی نہیں بدلی۔ وہ اتنا معروف جیالا تھا کہ بلاول بھٹو تک اسے جانتے تھے۔ وہ کئی لانگ مارچوں میں بلاول بھٹو زرداری کی گاڑی پر سوار نظر آیا۔ آصف علی زرداری کے ساتھ اس کی ملاقاتیں ہوتیں اور وہ تصویریں بنوا کر خوش ہو جاتا، انہیں فریم کرا کے اپنے گھر کی بوسیدہ دیواروں پر آویزاں کرتا۔ تعلیم واجبی تھی اس لئے اچھی نوکری حاصل نہیں کر سکا۔ وہ چاہتا تو کوئی اور کام کر کے اپنی زندگی بنا سکتا تھا مگر اسے تو سیاسی کارکن بننے کا جنون ہو گیا تھا۔ ایک ایسا جنون بندے کو اس ملک میں خاک سے اٹھا کر راکھ کے ڈھیر میں تبدیل کر دیتا ہے، خیر وہ کوئی شکوہ نہیں کرتا تھا۔ بھٹو کے نام سے اسے عشق تھا۔ لاڑکانہ میں ہوتا تو شاید اس کے حالات بدل جاتے کہ وہاں سنا ہے جیالوں کو اس طرح بے یار و مددگار نہیں چھوڑا جاتا لیکن وہ تو ملتان میں تھا۔ ملتان میں تو گیلانیوں کا پیپلز پارٹی پر قبضہ ہے۔ وہ جسے چاہیں بنا دیں مگر ایم سلیم راجہ جیسے جیالے تو ان کے فریم میں فٹ نہیں آتے۔ وہ گیلانی ہاؤس بھی جاتا تھا، یوسف رضا گیلانی کے ساتھ تصویریں بھی بنوا لیتا تھا، لیکن بلا کا انا پرست تھا۔ توجہ کی خیرات نہیں مانگتا تھا۔ یہ تو اوپر والوں کو سوچنا چاہیے کہ کسی نے پارٹی کی خاطر زندگی گزار دی، اس کے بچوں کے لئے بھی کچھ کرنا چاہیے، سب کچھ اپنے لئے ہی رکھ لینا ایک ایسی بدعت ہے جس نے ہماری سیاست کو خیر کی بجائے شر کا عمل بنا دیا ہے۔ پھر مجھے چند ہفتے پہلے اس کی تصویر دیکھ کر دھچکا لگا۔ وہ بستر سے لگا ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا لیٹا تھا۔ سماجی تنظیموں کے چند نوجوانوں نے اس کے گھر جا کر عیادت کی تھی۔ میرا خیال تھا کہ پیپلز پارٹی والوں کو شاید اس کی بیماری کی خبر نہیں ہوئی۔ خبر ہوئی ہوتی تو سید یوسف رضا گیلانی کو بتاتے کہ اس وقت پیپلز پارٹی کا سب سے کھرا اور پرانا جیالا بستر مرگ پر ہے اور کچھ نہیں کر سکتے تو جا کے اس کی مزاج پرسی ہی کر آئیں۔ پوچھیں تو سہی بیماری کیا ہے؟ کسی اچھے ہسپتال ہی میں داخل کرا دیں۔ سنا ہے سندھ میں پنجاب سے اچھی طبی سہولتیں موجود ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کو کہہ کر کراچی کے بڑے ہسپتال ہی سے علاج کرا دیں۔ زندگی تو اللہ کے ہاتھ میں ہے تاہم ایم سلیم راجہ کی آنکھوں میں اس وقت جو بے بسی نظر آ رہی ہے وہ تو کم ہو جائے گی مگر میں نے دیکھا کہ پیپلز پارٹی یا گیلانی خاندان کی طرف سے ایسی کوئی سرگرمی دیکھنے میں نہیں آئی۔ سینیٹ کی چیئرمین شپ اور چار اسمبلی کی نشستیں ایم سلیم راجہ کے کسی کام نہ آئیں۔ البتہ سماجی تنظیموں کے افراد مسلسل اس کے پاس جاتے رہے، مگر وہ صرف پھول پیش کر کے واپس آ جاتے تھے۔ اخبار اور سوشل میڈیا پر خبر لگ جاتی تھی کہ ایم سلیم راجہ بیمار ہیں ان کے لئے صحت کی دعا کی جائے۔ ایسے وقت جبکہ اسے ہسپتال میں علاج کے لئے ہونا چاہیے تھا وہ گھر کے اندر بے یار و مددگار پڑا زندگی کی سانسیں گن رہا تھا۔ میں ایسی خبر بھی ڈھونڈتا رہا جس میں ایم سلیم راجہ کے لئے کسی مالی امداد کا ذکر ہو۔ جیتے جی بھلا دینا اسی کو کہتے ہیں اور یہ سیاسی کارکنوں کا مقدر ہوتا ہے۔ سیاسی جماعت اپوزیشن میں ہو تو کارکنوں کی ویسے ہی شامت آئی رہتی ہے تاہم اقتدار میں ہونے کے باوجود ایک دیرینہ سیاسی کارکن اپنی جماعت کی قیادت کے ایسے سلوک کا شکار ہو جائے تو سیاست کی سفاکی پر غصہ آتا ہے۔ ایم سلیم راجہ تو دنیا سے رخصت ہو گیا ہے مگر اپنے پیچھے وہ ایک بار پھر وہی کہانی چھوڑ گیا جو ہر سیاسی کارکن کی کہانی ہے۔ سیاسی جماعتوں کو زندہ رکھنے والے یہ اہل جنوں ہمیشہ بے چارگی، غربت اور لاچاری کی حالت میں مرتے ہیں۔ زندہ رہیں تو گرفتاریاں، قید اور تشدد بھی ان کے حصے میں آتا ہے۔ منزل ہمیشہ انہیں ملتی ہے جو شریک سفر نہیں ہوتے۔ یہ رواج تو اس ملک کی سیاست میں ہے نہیں کہ کارکنوں کو بھی کارکنوں کی حسرت بھری زندگی سے نکل کر آگے آنے کا موقع فراہم کیا جائے، انہیں پارٹی ٹکٹ دیئے جائیں یا سینیٹ کی نشست دے دی جائے، انہوں نے تو بس نعرے ہی لگانے ہوتے ہیں۔ زندہ ہے بھٹو زندہ ہے کا نعرہ نجانے ایم سلیم راجہ نے کتنی بار لگایا ہو گا مگر اس کے لئے تو بھٹو اس وقت مر گیا تھا جب بستر مرگ پر وہ لاچار پڑا تھا۔ بس اتنا ہی مقدر لے کر آتے ہیں یہ سیاسی کارکن، جو نہ تنخواہ لیتے ہیں اور نہ مراعات، پلے سے کرایہ لگا کر جماعت کے جلسوں اور ریلیوں میں جاتے ہیں مگر ان کی افادیت سیاسی جماعتوں اور ان پر قابض لوگوں کے نزدیک اہم صرف اس وقت تک ہوتی ہے، جب تک وہ اپنے پیروں پر کھڑے ہوں جونہی وہ بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے کارآمد نہیں رہتے انہیں ایم سلیم راجہ کی طرح ویران آنکھوں کے ساتھ مرنے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے۔ کاش کارکن نام کی یہ مخلوق اس کار زیاں سے باز آ جائے۔

کیا جماعت اسلامی وزیراعظم کی درخواست پر لانگ مارچ میں وقفہ کر دے گی؟

چودھری خادم حسین

جماعت اسلامی کی طرف سے لانگ مارچ کی وجہ سے دھرنا ختم کر دیا گیا، یہ فیصل چوک میں کئی روز جاری رہا تھا اب جماعت کی طرف سے ٹرین مارچ سے آغاز کیا گیا جو کراچی سے شروع ہو کر ملتان تک کے لئے تھا۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کے مطابق ملتان سے قافلے سڑک کے ذریعے اسلام آباد روانہ ہوں گے اس عرصہ میں حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات کے کئی دور ہوئے، دونوں طرف سے اپنے اپنے موقف پیش کئے گئے۔ حکومتی ٹیم نے اپنی مجبوریاں بھی بیان کیں تاہم جماعتی وفد اور جماعت کے لئے یہ وضاحت قبول نہ ہوئی اور مارچ شروع ہو گیا اب خبر یہ ہے کہ وزیراعظم نے نیویارک سے حافظ نعیم الرحمن کو فون کر کے اپیل کی کہ وہ ان کی وطن واپسی تک تحریک ملتوی کر دیں وہ وطن واپس آ کر عوام کے لئے بڑی ریلیف دیں گے۔ حافظ نعیم الرحمن نے جواب میں بتایا کہ جماعت اسلامی کسی سیاسی یا ذاتی مفاد کے لئے احتجاج نہیں کر رہی وہ پٹرولیم لیوی ختم کر کے عوام کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اعانت کا مطالبہ کر رہی ہے تاہم وزیراعظم کی اپیل کے حوالے سے جماعت کی مرکزی شوریٰ کے اراکین سے مشاورت کے بعد جواب دیا جائے گا تادم تحریر صورت حال برقرار تھی اور کوئی بریک تھرو نہیں ہوا اور نہ ہی جماعت کا موقف سامنے آیا کہ اراکین شوریٰ سے مشورہ ہوا یا نہیں اگر ہوا تو کیا فیصلہ ہوا۔ باخبر ذرائع کے مطابق اگر وزیراعظم کی یقین دہانی پر اعتماد کیا گیا تو لانگ مارچ موخر ہو سکتا ہے اور بات چیت کی ناکامی کی صورت میں ملتان ہی سے یہ سلسلہ پھر سے شروع ہو جائے گا۔ پاکستان میں مختلف شعبوں کے حوالے سے خبریں اچھی نہیں، خصوصاً کھیلوں کے میدان میں بعض کامیابیوں کے سوا مجموعی طور پر کارکردگی بہتر نہیں، خصوصی طور پر کرکٹ کا کھیل بہت بری طرح روبہ زوال ہوا ہے اور اب تو شکست کی وجوہات پر غور کر کے بہتری کے لئے اقدامات پر غور کرنے کے بجائے عجیب فیصلے سامنے آ رہے ہیں، ابتداء میں انگلینڈ میں دوسرا ٹیسٹ بھی ہار جانے کے بعد اچانک سات کھلاڑی واپس بلا لئے گئے اور کرکٹ کی دنیا میں ایک نیا ریکارڈ قائم کیا گیا کہ جاری سیریز میں سات کھلاڑی واپس بلا کر تیسرے ٹیسٹ کے لئے نئے کھلاڑی بھیجے گئے۔ اگرچہ تیسرا ٹیسٹ بھی ہار دیا گیا تاہم نئے بلائے گئے کھلاڑیوں میں سے ایک نوجوان رضا اللہ نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔ پہلی اننگز میں چار کھلاڑی آؤٹ کئے تو دوسری اننگز میں نو چھکوں کی مدد سے بڑا اسکور بھی بنایا اس سے اس کی شہرت یکایک پھیل گئی اور مبارک سلامت ہونے لگی، نوجوان کی کارکردگی کے باعث مزید غور ہی نہ کیا گیا حالانکہ پہلی اننگز میں چار کھلاڑی آؤٹ کرنے والا دوسری اننگز میں باؤلنگ کرتے ہوئے متاثر نہ کر سکا اور تھکا محسوس ہوا خدشہ ہے کہ اسے سنبھالا نہ گیا تو یہ بھی ضائع ہو جائے گا کہ نوجوان باؤلر نے 140 سے 142 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے باؤلنگ کی تھی اس لئے اس پر توجہ دے کر اسے اکیڈمی میں تربیت کے عمل سے گزارنا ہو گا کہ ضائع نہ ہو۔ دوسری طرف کرکٹر وکٹ کیپر رضوان کا تازہ مشکل صورت اختیار کر گیا واضح طور پر نظم و ضبط کی خلاف ورزی کا الزام سامنے آیا لیکن بعدازاں رضوان اور امام الحق کے فون سائبر کرائم یونٹ کو دیئے گئے ان کی طلبی ہوئی اور ان سے جو سوالات کئے گئے ان سے تاثر پھیلا کہ الزام میں جوئے، سٹے اور میچ فکسنگ کی بھی تحقیقات ہو رہی ہیں اس پر پورے ملک میں رضوان کی حمایت میں شائقین آ گئے اگرچہ چند ایک نے مخالفت کی لیکن ان کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ رضوان کا مسئلہ سامنے آنے پر شائقین اور ماہرین کی توجہ بورڈ کے کرتا دھرتا فرد سے ہٹ گئی حالانکہ تانے بانے انہی سے ملتے ہیں اور ان کی بورڈ سے برطرفی کا مطالبہ جاری ہے یہ بڑی بدقسمتی ہے کہ ایک دیندار اور مہذب کھلاڑی کو ایسے الزامات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جن کے حوالے سے کسی بڑے سابق کھلاڑی اور ماہرین نے بھی یقین نہیں کیا۔ دوسری طرف خواتین کرکٹ ٹیم کی مایوس کن کارکردگی جاری اور اب ایشین اتھلیٹکس گیمز میں بھی بری طرح ہار گئی ہے اب تو یہ مطالبہ سامنے آیا ہے کہ خواتین کی کرکٹ ٹیم ہی ختم کر دی جائے، اصلاح احوال کی شدید ضرورت ہے۔ لاہور میں سیاست کی جھلک بھی نظر آئی تین روز قبل پہلے عمران ان کی بڑی ہمشیرہ علیمہ خان کو نظر بندی احکام کے تحت حراست میں لیا گیا اور اس کے بعد ان کی دوسری دونوں بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ نیازی کو بھی حراست میں لے کر کوٹ لکھپت جیل منتقل کر دیا گیا، ان تینوں کی حراست اور گرفتاری تین ایم پی او کے تحت ہوئی اور ڈپٹی کمشنر کے حکم سے 30 روز کے لئے نظر بند کیا گیا۔ انتظامیہ کی بدحواسی کا یہ عالم تھا کہ اس نے دونوں بہنوں کے ساتھ حفیظ اللہ نیازی کی صاحبزادی کو بھی دھر لیا ان کو بعدازاں چھوڑ دیا گیا کہ ان کے لئے احکام نہیں تھے، تینوں بہنوں کی حراست کے لئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا گیا ہے۔ بے نظیر بھٹو کے فرزند بلاول بھٹو زرداری 38 برس کے ہو گئے، ان کی سالگرہ کی تقریبات پورے ملک میں منائی گئیں اور کیک کاٹے گئے۔ تقریبات میں یہ دلچسپ سوال بھی گردش کرتا رہا کہ بلاول کی شادی کے بھنگڑے کب ڈالے جائیں گے!

نمیر خان نے درنجات کے زاہل پر تنقید کے لیے انوکھا طریقہ اپنا لیا

ڈرامہ سیریل درنجات میں اداکار نمیر خان زاہل کا کردار نبھا رہے ہیں

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کے ابھرتے ہوئے اداکار نمیر خان نے درنجات میں اپنے کردار زاہل پر تنقید کے لیے انوکھا طریقہ اپنا لیا ہے۔ ڈرامہ سیریل درنجات میں نمیر خان زاہل کا کردار نبھا رہے ہیں اور اب انہوں نے اپنے کردار پر تنقید کے لیے ہانیہ عامر کے گانے پابلو کے بول استعمال کر لیے ہیں۔ انہوں نے ہانیہ عامر کے گانے پابلو کے بول کا حوالہ دیا جن میں یہ سطور شامل ہیں پتر بہہ، تھوڑا ساہ لے، اتھے سارے انسان نے، ہونا سب دا حساب اے، رہنا سکھ تو اوقات وچ۔ یہ کہانی بظاہر زاہل کے کردار میں آنے والی حالیہ تبدیلی پر ایک ہلکے پھلکے انداز میں تبصرہ معلوم ہوتی ہیں کیونکہ مذہبی طرز زندگی اپنانے کے بعد وہ دوسروں کے بارے میں زیادہ تنقیدی رویہ اختیار کرنے لگا ہے۔ عمیرہ احمد کی تحریر کردہ اور ثاقب خان کی ہدایت کاری میں بننے والے ڈرامہ سیریل درنجات کی کاسٹ میں شہریار منور، درفشاں سلیم، سحر ہاشمی، رومیسہ خان، ثانیہ سعید، فاران طاہر، دانیہ انور، صبا حمید جیسے نامور اداکار اہم کرداروں میں شامل ہیں۔ درنجات تحریز انٹرٹینمنٹ کا پہلا ڈرامہ ہے جسے اے آر وائی ڈیجیٹل پر ہر جمعہ اور ہفتہ کی رات 8 بجے نشر کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ ہانیہ عامر نے 9 ستمبر کو اپنا پہلا گانا پابلو ریلیز کیا تھا جس کی تعریف گلوکار عاصم اظہر نے بھی کی تھی۔

غزہ پر بنی دستاویزی فلم "نازا" نے اسرائیل میں ہلچل مچادی

اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی فلمسازوں کی شہریت ختم کرنے کی دھمکی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فلم ساز یووال ابراہم اور ریچل زور کی دستاویزی فلم نازا نے وینس فلم فیسٹیول میں زبردست پذیرائی حاصل کی اور خصوصی جیوری ایوارڈ جیتا، فلم کی نمائش کے بعد اسے 25 منٹ تک کھڑے ہو کر داد دی گئی جو فیسٹیول کا ریکارڈ قرار دیا گیا۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق نازا فلم میں اسرائیلی انٹیلی جنس کے ذرائع سے معلومات اور 24 اسرائیلی فوجیوں کی خفیہ شناخت کے ساتھ گواہی شامل کی گئی ہے۔ ان اسرائیلی ذرائع کے مطابق غزہ میں اہداف کے تعین کے لیے مصنوعی ذہانت پر مبنی نظام استعمال کیا گیا اور ایسے حملوں کے بارے میں بھی معلومات سامنے آئی ہیں جن میں شہریوں کی ہلاکتوں کا پہلے سے علم ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ فلم کا نام نازا بھی ایک ایسی اصطلاح ہے جو شہری ہلاکتوں کی متوقع تعداد کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ فلم کی کامیابی پر اسرائیلی حکومت کی جانب سے شدید ردعمل سامنے آیا ہے۔ اسرائیل کے ثقافتی امور کے وزیر میکی زوہر نے دونوں فلم سازوں پر ریاست سے غداری کا الزام عائد کرتے ہوئے ان کی اسرائیلی شہریت ختم کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے بھی ایسے اسرائیلی شہریوں کی شہریت منسوخ کرنے کے لیے قانون سازی کی بات کی ہے جو بیرون ملک اسرائیلی فوجیوں کو بدنام کر رہے ہیں۔ عرب میڈیا کی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ فلم سازوں اور ان کے خاندانوں کو بھی دھمکیوں اور احتجاج کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اسرائیلی فوج نے فلم سے متعلق ممکنہ قانونی کارروائی اور معلومات افشا ہونے کی تحقیقات پر غور کرنا شروع کر دیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق فلم سازوں کا موقف ہے کہ وہ اسرائیلی شہری ہونے کے ناتے اندرونی ذرائع کی گواہی سامنے لانا چاہتے تھے تاکہ غزہ میں فوجی کارروائیوں کے اثرات پر اسرائیلی اور عالمی ناظرین غور کریں۔ اسرائیلی حکام فلم میں سامنے لائے گئے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے انہیں فوج اور اسرائیل کے خلاف مہم قرار دے رہے ہیں۔

میرا صرف ایک دوست ہے اور وہ مانی ہیں، اداکارہ حرا مانی

میاں بیوی میں جھگڑے معمول کی بات، اختلاف کے باوجود دن بھر بات چیت جاری رہتی ہے، اداکارہ کا ازدواجی زندگی پر اظہار خیال

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ حرا مانی نے اپنی ازدواجی زندگی کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ میاں بیوی کے درمیان اختلافات اور جھگڑے معمول کی بات ہیں، تاہم ان کے شوہر مانی نہ صرف شریک حیات بلکہ ان کے بہترین دوست بھی ہیں۔ حرا مانی نے انسٹاگرام اسٹوری میں اپنی ازدواجی زندگی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایسا نہیں ہے کہ وہ اور مانی کبھی لڑتے نہیں، بلکہ دونوں کے درمیان کئی مرتبہ شدید جھگڑے بھی ہو جاتے ہیں۔ اداکارہ کے مطابق میاں بیوی کے درمیان کبھی معمولی لڑائی ہوتی ہے تو کبھی بات شدید بحث تک پہنچ جاتی ہے، تاہم اختلاف کے باوجود ان کے درمیان گفتگو کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ حرا مانی نے کہا کہ وہ اور مانی دن میں کئی مرتبہ لڑتے ہیں، لیکن انہوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ ان کا شوہر ہی ان کا دوست بھی بن جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے بہت سے لوگوں سے سنا ہے کہ ان کے شوہر اچھے دوست نہیں ہوتے، تاہم وہ اپنے شوہر سے دن بھر بات کرتی رہتی ہیں اور یہاں تک کہ لڑائی کے دوران بھی دونوں کے درمیان بات چیت جاری رہتی ہے۔ حرا مانی نے کہا کہ "ماشاءاللہ، میرا صرف ایک دوست ہے اور وہ مانی ہیں"، ساتھ ہی انہوں نے اپنی ازدواجی زندگی کیلئے نظر بد سے بچنے کی دعا بھی کی۔ حرا مانی نے انسٹاگرام اسٹوری میں اپنی ازدواجی زندگی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایسا نہیں ہے کہ وہ اور مانی کبھی لڑتے نہیں، بلکہ دونوں کے درمیان کئی مرتبہ شدید جھگڑے بھی ہو جاتے ہیں۔ اداکارہ کے مطابق میاں بیوی کے درمیان کبھی معمولی لڑائی ہوتی ہے۔

لکی علی نے ایک سال کے بریک کے بعد فلم کیلئے گانا ریکارڈ کرادیا

ایک وقت ایسا آیا جب میں روایتی بالی ووڈ نظام کا حصہ بننے کے بجائے اپنی الگ موسیقی اور شناخت تلاش کرنا چاہتا تھا، لکی علی

ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی گلوکار لکی علی ایک بار پھر بالی ووڈ میں اپنی منفرد آواز کا جادو جگانے کے لیے تیار ہیں۔ کئی برس تک ہندی فلم انڈسٹری سے دور رہنے والے لکی علی نے اب اجے دیوگن کی آنے والی فلم دریشیام: دی کنکلوژن کے گانے سکرا دو کو اپنی آواز میں ریکارڈ کروایا ہے۔ سونی میوزک انڈیا نے حال ہی میں گانے کا 22 سیکنڈ کا ٹیزر بھی جاری کر دیا ہے، گانے کے ٹیزر میں اداکار اجے دیوگن کو اپنے خاندان کے ساتھ خوش گوار لمحات گزارتے دیکھا جا سکتا ہے، ٹیزر میں گلوکار کی ایک جھلک بھی شامل ہے، یہ گانا گزشتہ روز 23 ستمبر کو ریلیز کیا گیا۔ گلوکار کی 2024 میں فلم دو اور دو پیار کے گانے تو ہے کہاں کے ذریعے پلے بیک سنگنگ میں واپسی ہوئی تھی اور اب 1 سال کے بریک کے بعد وہ دوبارہ بالی ووڈ میں واپسی کے لیے تیار ہیں۔ لکی علی نے ماضی میں متعدد مواقع پر فلمی دنیا سے دوری اختیار کرنے کی وجوہات پر بات کی ہے 2025 میں بھارتی میڈیا کو دیے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے بتایا تھا کہ میں نے 2015 میں بالی ووڈ سے دوری اختیار کی تھی۔ گلوکار کا کہنا تھا اگرچہ میرے ساتھ بعض لوگوں نے نامناسب رویہ اختیار کیا، لیکن بالی ووڈ چھوڑنے کی اصل وجہ انڈسٹری کی یکسانیت اور اکتاہٹ تھی۔ انہوں نے بتایا تھا کہ ایک وقت ایسا آیا جب میں روایتی بالی ووڈ نظام کا حصہ بننے کے بجائے اپنی الگ موسیقی اور شناخت تلاش کرنا چاہتا تھا۔ لکی علی نے یہ بھی بتایا تھا کہ تخلیقی آزادی کی تلاش کے دوران میرا مقبول گانا او صنم سامنے آیا۔

دولت میں 2500 کروڑ روپے کی کمی کے باوجود شاہ رخ بھارت کے امیر ترین اداکار

شاہ رخ خان ان دنوں اپنی نئی فلم کنگ پر کام کر رہے ہیں، جو 24 دسمبر 2026 کو ریلیز ہوگی

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم انڈسٹری کے سپر سٹار شاہ رخ خان کی دولت میں 2500 کروڑ روپے کی کمی ہونے کے باوجود بھی وہ بھارت کے امیر ترین اداکار برقرار ہیں۔ ہورون انڈیا کی دولت مندوں کی فہرست برائے 2026 کے مطابق کنگ خان کی دولت کی مجموعی مالیت گزشتہ سال کے مقابلے میں تقریباً 2490 کروڑ روپے کم ہو کر اب 10,000 کروڑ روپے رہ گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق شاہ رخ کے بعد امیتابھ بچن (4000 کروڑ)، سلمان خان (3000 کروڑ) اور ریتک روشن (2500 کروڑ) کی دولت کے ساتھ دوسرے، تیسرے اور چوتھے نمبر پر ہیں، اس میں شاہ رخ کی نہ صرف فلموں اور اشتہارات سے حاصل ہونے والی آمدنی شامل ہے بلکہ ان کے کاروبار، جن میں ریڈ چلیز انٹرٹینمنٹ اور نائٹ رائیڈرز سپورٹس سے حاصل ہونے والی دولت بھی شامل ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ہورون انڈیا کی 2025 کی فہرست میں شاہ رخ خان کی مجموعی دولت 12,490 کروڑ روپے بتائی گئی تھی، اس کا مطلب ہے کہ صرف ایک سال میں ان کی مجموعی دولت 2,490 کروڑ روپے کم ہو گئی، تاہم یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس نمایاں کمی کے باوجود شاہ رخ خان اب بھی بھارت کے امیر ترین اداکار ہیں۔ شاہ رخ خان ان دنوں اپنی نئی فلم کنگ پر کام کر رہے ہیں، جو 24 دسمبر 2026 کو ریلیز ہوگی، فلم میں دیپیکا پڈوکون، ان کی بیٹی سہانا خان، ابھیشے ورما اور ابھیشیک بچن بھی نظر آئیں گے جو ولن کے کردار میں ہوں گے۔

می ٹو مہم کی وجہ بننے والے ہالی ووڈ پروڈیوسر کو 15 سال قید کی سزا سنادی گئی

ہاروی وائن اسٹائن کو 2020 میں جنسی زیادتی کے 2 کیسوں میں 23 سال قید کی سزا سنائی جا چکی ہے

نیویارک (این این آئی) جنسی جرم کے مقدمے میں ہالی ووڈ کے بدنام زمانہ فلم ساز اور 80 سے زائد خواتین سے جنسی زیادتی اور ہراسانی کے ملزم ہاروی وائن اسٹائن کو 15 سال قید کی سزا سنا دی گئی۔ 74 سالہ ہاروی پر اپنی ہالی ووڈ پروڈکشن اسسٹنٹ مریم ہیلی سے 2006 میں جنسی زیادتی کا الزام تھا۔ ایک سال پہلے ہاروی وائن اسٹائن پر جنسی زیادتی کا جرم ثابت ہو چکا تھا تاہم مجرم نے صحت جرم سے انکار کیا تھا۔ جج کرٹس فاربر نے سزا سنانے سے پہلے مجرم کی سخت سرزنش کی۔ ہاروی وائن اسٹائن کو 2020 میں جنسی زیادتی کے 2 کیسوں میں 23 سال قید کی سزا سنائی جا چکی ہے۔ 2020 کی وائن اسٹائن کی سزا کو 2024 میں اپیل کورٹ نے کالعدم قرار دے دیا تھا۔ سزا سنانے سے قبل جج نے ریمارکس دیئے کہ ہاروی وائن اسٹائن کو می ٹو مہم کے حوالے سے بھی یاد رکھا جائیگا۔ خیال رہے کہ ہالی ووڈ اور پھر دنیا بھر میں می ٹو مہم کا آغاز ہاروی وائن اسٹائن پر لگائے گئے الزامات سے ہوا تھا۔ اکتوبر 2017 میں شائع ہونے والی نیویارک ٹائمز کی تہلکہ خیز تحقیقاتی رپورٹ نے اس اسکینڈل کا انکشاف کیا تھا جس کے بعد خواتین کی بڑی تعداد نے ہالی ووڈ پروڈیوسر سے متعلق ہوش ربا حقائق سے پردہ اٹھایا تھا۔ ان ہی انکشافات کے بعد می ٹو مہم کا بھی آغاز ہوا تھا جس کے تحت دنیا بھر میں خواتین خصوصاً سلیبریٹیز نے طاقتور اور اہم عہدوں پر فائز مردوں کی جانب سے انہیں ہراساں کیے جانے پر اپنی خاموشی توڑی تھی۔ وائن اسٹائن پر الزامات لگانے والی خواتین میں ہالی ووڈ کی صف اول کی اداکارائیں انجلینا جولی، سلمیٰ ہائیک، گائینتھ پیلٹرو، ایشلے جڈ، روز میک گوئن اور دیگر اہم شامل ہیں۔ اس سے قبل ان پر متعدد الزامات لگے تھے تاہم وہ ثابت نہ ہو سکے۔ اکتوبر 2017 میں الزامات سامنے آنے کے بعد ان کے زوال کا آغاز ہوا اور ان کی اپنی فلمساز کمپنی کے بورڈ سے انہیں نکال دیا گیا جب کہ ان پر ہالی ووڈ کے دروازے بھی بند کر دیئے گئے۔ ہاروی وائن اسٹائن پر الزامات کے بعد فلمی دنیا کا سب سے معتبر ایوارڈ آسکر دینے والے ادارے دی اکیڈمی ایوارڈ آف موشن پکچرز آرٹس اینڈ سائنسز نے ان کی رکنیت معطل کر دی تھی۔

کرکٹ آپریشنز ورکشاپ شروع، آئی سی سی کا انٹرنیشنل کرکٹ شیڈول میں بڑی تبدیلی پر غور

آسٹریلیا، انگلینڈ اور بھارت کے درمیان بڑی باہمی سیریز کا خاکہ پہلے ہی طے شدہ ہے، رپورٹ

دبئی (این این آئی) دبئی میں انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی کرکٹ آپریشنز ورکشاپ شروع ہوگئی جس میں 2027-30 کے فیوچر ٹور پروگرامز پر اہم بات چیت متوقع ہے۔ آئی سی سی کی موجودہ ایف ٹی پی سائیکل مارچ 2027 میں مکمل ہو جائیگی۔ ذرائع کے مطابق اس ہفتے ہونے والی ملاقاتوں میں کئی اہم معاملات پر پیش رفت ہوگی تاہم مکمل اور حتمی ایف ٹی پی کا اعلان نومبر میں بالی میں ہونے والے آئی سی سی اجلاس سے قبل متوقع نہیں ہے، اس کی وجہ مختلف ممالک کے شیڈول میں موجود کئی اہم معاملات ہیں۔ نئے سائیکل میں مکمل رکن ممالک کے درمیان ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کی تعداد بڑھنے کا امکان ہے، جس کے نتیجے میں دوطرفہ ون ڈے میچز کم ہو سکتے ہیں تاہم ون ڈے کرکٹ کے عالمی کپ کی اہمیت برقرار رہے گی اور تین یا چار ملکی سیریز کے ذریعے 50 اوورز کی کرکٹ کو مزید اہم بنانے پر غور کیا جا رہا ہے۔ آسٹریلیا، انگلینڈ اور بھارت کے درمیان بڑی باہمی سیریز کا خاکہ پہلے ہی طے شدہ ہے۔ ایشیز 2027، 2029-30 اور 2031 میں شیڈول ہے جبکہ بھارت اور انگلینڈ کے درمیان بھی ٹیسٹ سیریز طے ہیں 2028 کے لاس اینجلس اولمپکس میں ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی واپسی بھی شیڈولنگ کے لیے بڑا چیلنج ہوگی۔ دوسری جانب ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں افغانستان، آئرلینڈ اور زمبابوے کی شمولیت سمیت دیگر تجاویز زیر غور ہیں۔ ڈی آر ایس ٹیکنالوجی کے مزید سپلائرز کی منظوری بھی اجلاس کے ایجنڈے میں شامل ہے۔

زون 6 وائٹس نے انڈر 15 انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا، فائنل میں زون 2 وائٹس کو 8 وکٹوں سے شکست

آتش ملک بہترین بلے باز اور مین آف دی میچ قرار، میڈی کیم گروپ کا ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کیلئے تعاون جاری رکھنے کا اعلان

کراچی (این این آئی) زون 6 وائٹس نے زون 2 وائٹس کو 8 وکٹوں سے شکست دے کر ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام یحییٰ ذوالفقار انڈر 15 انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میں زون 2 وائٹس پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 118 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ حالف نے 25، محمد امام نے 22، انس آفریدی نے 23، خوزیمہ سلال نے 24 اور یونس نے 20 رنز بنائے۔ زون 6 وائٹس کے یونس، انس آفریدی اور خوزیمہ سلال نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں زون 6 وائٹس نے 2 وکٹوں کے نقصان پر 119 رنز کا ہدف حاصل کر لیا۔ آتش ملک نے 6 چوکوں کی مدد سے 48 جبکہ فیصل قربان نے 3 چوکوں کی مدد سے 37 رنز بنا کر اپنی ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے گروپ میڈیا منیجر جاوید اختر کیانی نے کہا کہ کرکٹ کے فروغ کیلئے میڈی کیم گروپ ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھے گا۔ آر سی اے کراچی کے سیکریٹری علی حسین نے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کو اسپانسر کرنے پر میڈی کیم گروپ اور جنید شکیل نمی تال والا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ جوائنٹ سیکریٹری محمد توصیف صدیقی نے ٹورنامنٹ کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ کوآرڈی نیٹر اعظم خان نے زون 6 وائٹس اور زون 2 وائٹس کو عمدہ کھیل پیش کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ندیم عمر کی قیادت میں کراچی میں گراس روٹ لیول پر کرکٹ کے فروغ کیلئے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کو اسپانسر کرنے کو میڈی کیم گروپ کا قابل تحسین اقدام قرار دیا۔ تقریب کے اختتام پر جاوید اختر کیانی اور علی حسین نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ فاتح ٹرافی زون 6 وائٹس کے کپتان آتش ملک جبکہ رنر اپ ٹرافی زون 2 کے کپتان محمد امام نے وصول کی۔ آتش ملک کو بہترین بلے باز اور فائنل کا مین آف دی میچ جبکہ یحییٰ اسلم کو بہترین باؤلر کا ایوارڈ دیا گیا۔

معروف ریسلر دی بچر، ریسلنگ کے دوران چل بسے

48 سالہ سابق اے ای ڈبلیو اسٹار کی موت کی وجہ سامنے نہیں آسکی ہے، پوسٹ مارٹم بھی نہیں ہوا، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) معروف ریسلر اینڈی دی بچر ولیمز 48 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ سابق اے ای ڈبلیو اسٹار ہفتے کی شب امریکی ریاست پنسلوانیا کے شہر پٹسبرگ میں ٹیگ ٹیم مقابلے کے دوران اچانک رنگ میں گر پڑے تھے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وہ اپنے ساتھی دی بلیڈ کے ہمراہ انجوائے ریسلنگ کے ایونٹ میں ٹی ایم ای کے خلاف مقابلہ کر رہے تھے کہ میچ کے اختتام پر اچانک طبیعت بگڑ گئی۔ رنگ میں موجود طبی عملے نے فوری طور پر انہیں طبی امداد فراہم کرتے ہوئے سی پی آر شروع کر دی۔ ایمرجنسی میڈیکل ٹیم کے پہنچنے تک ریسلر کو بحال کرنے کی کوششیں جاری رہیں، جس کے بعد انہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ امریکی میڈیا ادارے ٹیم زیڈ نے کاؤنٹی میڈیکل آفس کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ اینڈی ولیمز گزشتہ روز ہسپتال میں دم توڑ گئے۔ واقعے کے باعث انجوائے ریسلنگ کا ایونٹ اچانک منسوخ کر دیا گیا۔ کمپنی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر جاری بیان میں کہا کہ اینڈی میچ کے اختتام پر گر پڑے جس کے بعد وہاں موجود ڈاکٹروں نے فوراً سی پی آر شروع کی اور ایمبولینس کے پہنچنے تک انہیں طبی امداد دی جاتی رہی۔ کمپنی نے مزید بتایا کہ شائقین کو گھر بھیج دیا گیا اور انتظامیہ اسپتال میں مزید معلومات کا انتظار کرتی رہی۔ بعدازاں ریسلنگ کمپنی نے تشویش کا اظہار کرنے اور حمایت کے پیغامات بھیجنے والے مداحوں کا شکریہ ادا کیا۔ اینڈی دی بچر ولیمز کی موت کی وجہ تاحال سامنے نہیں آئی جبکہ ان کا پوسٹ مارٹم بھی نہیں ہوا ہے۔

پہلا ون ڈے، انگلینڈ نے بغیر کوئی چھکا لگائے سری لنکا کو شکست دے دی

ڈرہم کے ریور سائیڈ گراؤنڈ میں انگلینڈ نے 265 رنز کا دفاع کرتے ہوئے سری لنکا کی ٹیم 197 رنز پر آؤٹ کر دیا

لندن (آن لائن) انگلینڈ نے ون ڈے کرکٹ میں ایک بار پھر بہتری کی جانب سفر شروع کرتے ہوئے سری لنکا کو پہلے میچ میں شکست دے دی۔ ڈرہم کے ریور سائیڈ گراؤنڈ میں انگلینڈ نے 265 رنز کا دفاع کرتے ہوئے سری لنکا کی ٹیم کو 197 رنز پر آؤٹ کر دیا اور 68 رنز سے کامیابی حاصل کی۔ 2019 کے بعد پہلا موقع تھا جب انگلینڈ نے ون ڈے میچ میں پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ایک بھی چھکا نہیں لگایا۔ انگلینڈ کی جانب سے ول جیکس نے شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے پہلے بیٹنگ میں ناقابل شکست 46 رنز بنائے اور پھر صرف 22 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ یہ انگلینڈ کے لیے ان کی دوسری پانچ وکٹوں کی اننگز سمیت انگلینڈ کی جانب سے کسی بھی اسپنر کا ون ڈے کرکٹ میں دوسرا بہترین بولنگ فگر بھی ہے۔ سری لنکا کی جانب سے کپتان کوشل مینڈس نے ٹیم میں واپسی کے بعد 42 رنز بنائے جبکہ دھننجے ویلالاگے نے 45 رنز کی مزاحمت کی تاہم مڈل آرڈر انگلش باؤلنگ کے سامنے زیادہ دیر نہ ٹھہر سکا۔ انگلینڈ نے 2026 میں ہیری بروک اور برینڈن میک کولم کی قیادت میں سات ون ڈے میچز میں پانچویں کامیابی حاصل کی ہے۔ ٹیم اس سال سری لنکا اور بھارت کے خلاف سیریز بھی اپنے نام کر چکی ہے۔

آئی سی سی کی کرکٹ آپریشنز ورکشاپ شروع، فیوچر ٹور پروگرامز پر اہم بات چیت متوقع

نئے سائیکل میں مکمل رکن ممالک کے درمیان ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کی تعداد بڑھنے کا امکان، دوطرفہ ون ڈے میچز کم ہو سکتے

دبئی (آن لائن) دبئی میں انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی کرکٹ آپریشنز ورکشاپ شروع ہوگئی جس میں 2027-31 کے فیوچر ٹور پروگرامز پر اہم بات چیت متوقع ہے۔ آئی سی سی کی موجودہ ایف ٹی پی سائیکل مارچ 2027 میں مکمل ہو جائے گی۔ ذرائع کے مطابق اس ہفتے ہونے والی ملاقاتوں میں کئی اہم معاملات پر پیش رفت ہوگی تاہم مکمل اور حتمی ایف ٹی پی کا اعلان نومبر میں بالی میں ہونے والے آئی سی سی اجلاس سے قبل متوقع نہیں ہے، اس کی وجہ مختلف ممالک کے شیڈول میں موجود کئی اہم معاملات ہیں۔ نئے سائیکل میں مکمل رکن ممالک کے درمیان ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کی تعداد بڑھنے کا امکان ہے جس کے نتیجے میں دوطرفہ ون ڈے میچز کم ہو سکتے ہیں۔ تاہم ون ڈے کرکٹ کے عالمی کپ کی اہمیت برقرار رہے گی اور تین یا چار ملکی سیریز کے ذریعے 50 اوورز کی کرکٹ کو مزید اہم بنانے پر غور کیا جا رہا ہے۔ آسٹریلیا، انگلینڈ اور بھارت کے درمیان بڑی باہمی سیریز کا خاکہ پہلے ہی طے شدہ ہے۔ ایشیز 2027، 2029-30 اور 2031 میں شیڈول ہے جبکہ بھارت اور انگلینڈ کے درمیان بھی ٹیسٹ سیریز طے ہیں۔ 2028 کے لاس اینجلس اولمپکس میں ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی واپسی بھی شیڈولنگ کے لیے بڑا چیلنج ہوگی۔ دوسری جانب ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں افغانستان، آئرلینڈ اور زمبابوے کی شمولیت سمیت دیگر تجاویز زیر غور ہیں۔ ڈی آر ایس ٹیکنالوجی کے مزید سپلائرز کی منظوری بھی اجلاس کے ایجنڈے میں شامل ہے۔

ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 سیزن 5 کا پلیئر آکشن کیم اکتوبر کو ہوگا

80 ہزار ڈالر کی بیس پرائس کے لیے کم از کم 100 بین الاقوامی میچز کھیلنے کی شرط ہے

دبئی (این این آئی) ڈی پی ورلڈ انٹرنیشنل لیگ ٹی 20 (آئی ایل ٹی 20) سیزن 5 کیلئے پلیئر آکشن جمعرات کیم اکتوبر 2026 کو دبئی کی آئی سی سی اکیڈمی انڈور سہولت میں ہوگا۔ تمام چھ فرنچائزز نیلامی کے ذریعے اپنے اسکواڈ مکمل کریں گی، سیزن 5 کا آغاز ہفتہ 21 نومبر 2026 سے ہوگا جبکہ فائنل اتوار 20 دسمبر 2026 کو کھیلا جائے گا۔ ہر فرنچائز کو آکشن کے لیے 13 لاکھ امریکی ڈالر کا پرس دیا جائیگا جبکہ براہ راست سائننگز اور ریٹینشنز کے لیے مختص 7 لاکھ ڈالر میں سے غیر استعمال شدہ رقم بھی فرنچائز کے پرس میں شامل ہوگی۔ ہر ٹیم کو نیلامی کے اختتام تک کم از کم 15 لاکھ ڈالر اور زیادہ سے زیادہ 20 لاکھ ڈالر خرچ کرنا ہوں گے۔ ہر فرنچائز کے اسکواڈ میں کم از کم 18 اور زیادہ سے زیادہ 23 کھلاڑی ہوں گے۔ اسکواڈ میں آئی سی سی فل ممبر ممالک کے کم از کم 11 کھلاڑی شامل ہونا ضروری ہیں، جن میں کم از کم 4 افغان اور کم از کم ایک آئرش کھلاڑی شامل ہوگا۔ اس کے علاوہ ہر ٹیم میں کم از کم 4 متحدہ عرب امارات، ایک کویتی، ایک سعودی عرب اور آئی سی سی ایسوسی ایٹ ممالک سے کم از کم ایک مزید کھلاڑی شامل کرنا ہوگا، تاہم اس میں یو اے ای، کویت اور سعودی عرب شامل نہیں ہوں گے۔ تمام کھلاڑیوں کی کم از کم بیس پرائس 10 ہزار امریکی ڈالر مقرر کی گئی ہے، جبکہ کھلاڑی 40 ہزار یا 80 ہزار ڈالر کی بیس پرائس بھی مقرر کر سکتے ہیں۔ افغانستان اور آئرلینڈ کے کھلاڑیوں کے لیے 40 ہزار ڈالر کی بیس پرائس کے لیے بین الاقوامی ٹی 20 کیپ یا سابقہ آئی ایل ٹی 20 شرکت ضروری ہوگی، جبکہ 80 ہزار ڈالر کی بیس پرائس کے لیے کم از کم 100 بین الاقوامی میچز کھیلنے کی شرط ہے۔ یو اے ای، کویت اور سعودی عرب کے تمام کھلاڑیوں کی بیس پرائس 10 ہزار ڈالر ہوگی۔ آکشن کا طریقہ کار کھلاڑیوں کو ان کی حیثیت اور مہارت کے اعتبار سے مختلف سیٹس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر سیٹ میں 6 سے 10 کھلاڑی ہوں گے اور کھلاڑیوں کو سیٹ کے اندر قرعہ اندازی کے ذریعے پیش کیا جائے گا۔ بولی 10 ہزار سے 50 ہزار ڈالر تک 2 ہزار ڈالر کے اضافے سے، 50 ہزار سے 100 ہزار ڈالر تک 5 ہزار ڈالر کے اضافے سے اور ایک لاکھ ڈالر سے زائد بولی 10 ہزار ڈالر کے اضافے سے آگے بڑھے گی۔

بقیہ صباح 1

ایکٹ ابھی کابینہ سے منظور ہوا ہے، بہتر ہے صوبائی حکومت ہوش کے ناخن لے، اسلام آباد آنے والے تمام 125 راستے کھلے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ ایکٹ ابھی کابینہ سے منظور ہوا ہے، بہتر ہے صوبائی حکومت ہوش کے ناخن لے، وفاق کے پاس ترمیم شدہ پولیس ایکٹ پر بہت آپشنز ہیں، یہ پولیس ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کے پی حکومت نے صرف آئی جی کے اختیارات واپس نہیں لیے بلکہ پوری کمانڈ تباہ کر دی ہے، مجوزہ پولیس ایکٹ میں سیاسی عمل دخل واضح نظر آ رہا ہے، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے اختیار اپنی جیب میں اور اپنی سیاسی جماعت کے تابع کرنے کی کوشش کی۔ وزیر مملکت نے کہا کہ خیبر پختونخوا 15، 20 سال سے دہشتگردی کی جنگ لڑ رہا ہے مگر وہاں سی ٹی ڈی کرائے کی عمارتوں میں ہے، آپ کہتے ہیں صوبائی وزیر اٹھا لیا گیا ہے، اگر آپ اتنے بے بس ہیں تو کیوں کرسی سے چپکے ہوئے ہیں؟ انہوں نے سوال کیا ہے کہ اب خیبر پختونخوا پولیس کا کوئی اسٹرکچر برقرار رہے گا؟ مجوزہ پولیس ایکٹ میں سیاسی عمل دخل واضح نظر آ رہا ہے، اگر ڈی ایس پی اپنی مرضی کے لگائیں گے تو اپنے گھر سے بھرتیاں کریں گے؟ وزیر مملکت نے کہا کہ ان کے بانی سبق پڑھاتے تھے اور مغرب کی مثالیں دیتے تھے کہ ادارے سیاست سے پاک ہوں، پولیس کا کام امن و امان برقرار رکھنا ہے۔ اسلام آباد میں راستوں کی بندش سے متعلق طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد آنے والے تمام 125 راستے کھلے ہیں۔

بقیہ صباح 2

گروہوں میں ملوث افغان عناصر کے شواہد ایک بار پھر سامنے آ گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ حملے میں ہلاک فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں میں افغان باشندے بھی شامل تھے۔ ہلاک دہشت گرد ذوالفقار المعروف ابو عمر سے افغان جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس (جی ڈی آئی) کا کارڈ برآمد ہوا، جبکہ ہلاک دہشت گرد خلیل احمد سے افغان تذکرہ برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان میں دہشت گردی کے لیے بھارتی خفیہ ایجنسی را اور طالبان رجیم کے مبینہ گٹھ جوڑ کا انکشاف اس سے قبل بھی ایک انٹیلی جنس رپورٹ میں کیا جا چکا ہے۔ خفیہ رپورٹ کے مطابق 2025 میں بھارتی خفیہ ایجنسی را اور افغان طالبان انٹیلی جنس کے درمیان مشترکہ خفیہ نیٹ ورک کا انکشاف ہوا تھا۔ رپورٹ کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را نے بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کے لیے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی۔ رپورٹ کے مطابق ملا ہبت اللہ کی ہدایات پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو جدید اسلحہ اور لاجسٹک سپورٹ فراہم کی گئی۔ طالبان رہنما ملا ہبت اللہ کی جانب سے فتنہ الہندوستان کو طالبان رجیم کی طرف سے اسلحہ فراہم کرنے کے لیے لکھا گیا خط بھی دونوں کے مبینہ گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را پاکستان میں دہشت گردی کے لیے طالبان رجیم کے ساتھ مل کر افغان سرزمین کو دہشت گردوں کی تربیت، مالی معاونت اور پناہ گاہوں کے لیے استعمال کر رہی ہے۔

بقیہ صباح 3

نیویارک میں امریکہ میں مقیم انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، آٹو موبائل، توانائی، تعمیرات اور دیگر شعبوں سے وابستہ کاروباری شخصیات اور پروفیشنلز کے وفود سے ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے پاکستانی نژاد کاروباری افراد کو ملک میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے سازگار ماحول فراہم کر رہی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی کاروباری شخصیات ملک کے سفیر ہیں، جو دنیا بھر میں اپنے مثبت کردار سے پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق ایف بی آر میں اصلاحات کے ذریعے کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل کی کوشش کی گئی ہے، جبکہ زرعی شعبے میں جدت اور ترقی کے لیے بھی ڈیجیٹل بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں۔ وزیراعظم سے امریکہ میں مقیم پاکستانی نوجوانوں کے وفد نے بھی ملاقات کی، جس میں صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، سماجی کاروبار اور مختلف یوتھ این جی اوز سے وابستہ افراد اور پروفیشنلز شریک ہوئے۔ وزیراعظم نے نوجوانوں کو پاکستان کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرنے اور مختلف شعبوں میں بہتری کے لیے تجاویز دینے کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم باصلاحیت پاکستانی نوجوان پوری قوم کا فخر ہیں اور پاکستان کی ترقی میں نوجوانوں کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور جدید ہنر کی تعلیم کے حوالے سے اقدامات کر رہی ہے۔ ان کے مطابق پنجاب میں بطور خادم پنجاب شروع کیے گئے لیپ ٹاپ، وظائف اور دانش اسکولز کے پروگرام کو بطور وزیراعظم بھی جاری رکھا گیا ہے، جبکہ معاشی طور پر کمزور طلبہ کے لیے عالمی معیار کی دانش یونیورسٹی کے قیام پر بھی کام جاری ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آئی ایم ایف کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان جاری اصلاحاتی پروگرام، آئندہ جائزے، معاشی استحکام اور پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے آئی ایم ایف کی مسلسل معاونت کو سراہتے ہوئے حکومت کے اقتصادی اصلاحات کے ایجنڈے اور اصلاحات پر عملدرآمد کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے مالیاتی نظم و ضبط، بیرونی مالیاتی ذخائر، سرمایہ کاروں کے اعتماد، توانائی ٹیرف نظام، محصولات میں اضافے اور نجکاری کے عمل میں پیش رفت کو حکومت کی معاشی پالیسی کے اہم پہلو قرار دیا۔ کرسٹالینا جارجیوا نے آئی ایم ایف پروگرام کے تحت پاکستان کی کارکردگی اور معاشی استحکام کے لیے حکومت کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ ان اقدامات کے نتیجے میں ٹھوس نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یورپی کونسل کے صدر انتونیو لوئس سانتوس دا کوسٹا اور یورپی کمیشن کی صدر ارسلا گرتروڈ وان ڈیر لیئن سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات، تجارت، معاشی تعاون اور علاقائی و عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان وسیع البنیاد شراکت داری مزید مستحکم کرنے اور اسٹریٹجک انگیجمنٹ پلان پر مکمل عملدرآمد کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ صباح 4

حالات میں جب لانگ مارچ ہونے جا رہا ہو تو بات چیت ضرور ہونی چاہیے، لانگ مارچ میں آنے والے سیاسی لوگوں کے خلاف ٹیئر گیس استعمال کریں گا وقت نہیں، سیاسی لوگوں پر ٹیئر گیس استعمال نہیں کیے جاتے، ان کی بات سنی جاتی ہے اور شکایات حل کی جاتی ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم کہہ رہے ہیں ہماری بات سنی جائے، ہم پرامن ہیں اور اپنے حقوق کے لیے نکل رہے ہیں، ہم انصاف کی آواز اٹھا رہے ہیں، بار بار کہا ہمیں سنا نہیں گیا اور انصاف نہیں ملا، وزرا جو مرضی بیانات دیں، کسی وزیر نے یہ نہیں کہا کہ ہم نے پی ٹی آئی کی بات سنی اور انصاف دیا، پارٹی نے اپنا پروگرام بہت پہلے اعلان کیا ہوا ہے، اس میں کوئی تبدیلی نہیں، جہاں تک احتجاج کا تعلق ہے، سہیل آفریدی ہمارے وزیر اعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم پرامن تھے، پرامن ہیں اور پرامن رہیں گے، اداروں یا اسلام آباد پر حملہ نہیں کریں گے، حکومت کو اس بیانیے اور تاثر کا بندوبست کرنا ہوگا، اگر حکومت ایسا تاثر پیدا کرے گی تو بڑی تعداد رکھنے والی سیاسی جماعت کو سیاسی میدان سے نکال دیا جائے گا، سیاسی جماعتوں کو سیاسی میدان سے نکالنے کے بڑے خطرناک نتائج ہوتے ہیں۔

بقیہ صباح 5

پر مناسب توجہ مرکوز رکھیں گے۔ انہوں نے یہ بات قومی یوم اخبار بینی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 25 ستمبر کو منایا جا رہا ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے اس دن کے موقع پر آزاد صحافت اور شہریوں کے حقوق کے تحفظ میں چوتھے ستون کی حیثیت سے اس کے کردار پر اپنے پختہ یقین کا اعادہ کرتے ہوئے ریاست، معاشرے سے متعلق اور فیصلہ سازوں کو جوابدہ بنانے کے حوالے سے اس کی ذمہ داریوں کی یاد دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ جبکہ ہم متنوع ذرائع ابلاغ کی تیز رفتار ترقی کا مشاہدہ کر رہے ہیں، اخبارات آج بھی رائے عامہ کی تشکیل اور باخبر شہری معاشرے کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج بدلتے ہوئے ذرائع ابلاغ کے ماحول میں اخبارات کا مطالعہ اب صرف مطبوعہ صفحات تک محدود نہیں رہا بلکہ اخبارات تیزی سے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور آن لائن رسائی کی دیگر اشکال کے ذریعے بھی قارئین تک پہنچ رہے ہیں۔

بقیہ صباح 6

غیر متوازن ترقی کا مسئلہ پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں موجود ہے، تاہم ترقی کے لیے کہیں بندوق نہیں اٹھائی جاتی اور نہ ہی کہیں ناحق خون بہایا جاتا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ حقائق اور تصور میں فرق کو سمجھیں اور اپنے صوبے کی درست تاریخ سے آگاہی حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر منظم پروپیگنڈے کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کر رہے ہیں، اس لیے نوجوان تعلیم، ترقی اور روشن مستقبل پر توجہ دیں اور ریاست مخالف پروپیگنڈے کا حصہ نہ بنیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاست اور نوجوانوں کے درمیان خلیج ختم کرنے کے لیے نوجوانوں کو ہر سطح پر سنا جا رہا ہے۔ میرٹ کریسی کو فروغ دے کر ہی نوجوانوں کو ان کا جائز حق دیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس پر مبنی ٹیسٹنگ سسٹم متعارف کرایا گیا ہے تاکہ ملازمتوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ کوئی حق دار اپنے حق سے محروم نہیں رہے گا اور ملازمت صرف میرٹ پر دی جائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ دو سال کے دوران پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر سو فیصد پیش رفت ہوئی ہے۔ اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کو فعال کر دیا گیا ہے جبکہ چیف منسٹر انسپکشن ٹیم بھی پوری طرح متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر انسپکشن ٹیم نے ترقیاتی پروگرام کے معائنے کا آغاز ان کے اپنے حلقے سے کیا، تاکہ واضح پیغام دیا جا سکے کہ احتساب کا عمل بلا امتیاز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کرپٹ عناصر کے خلاف کارروائی جاری ہے اور گرفتاریاں بھی عمل میں آ رہی ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی، شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے اداروں کو فعال کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے میں اچھی طرز حکمرانی کی بنیاد رکھ دی گئی ہے اور اس کے تسلسل کو برقرار رکھا جائے گا۔ حکومت کا مقصد ایسا نظام قائم کرنا ہے جس میں میرٹ، شفافیت، جوابدہی اور نوجوانوں کے لیے مواقع کو یقینی بنایا جا سکے۔ بعد ازاں ورکشاپ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان سمیت ملک سے آئے ہوئے شرکاء کے سوالات کے جواب دیئے اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات کی حوصلہ افزائی کے لئے لیپ ٹاپ بھی دیئے۔ ڈھائی گھنٹے سے زائد وقت پر محیط اس سوال و جواب کے سیشن میں میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے تاریخی حقائق، صوبے کی موجودہ صورتحال، حکومتی اقدامات، گورننس سمیت مختلف موضوعات پر تفصیلی گفتگو کی۔

بقیہ صباح 7

کو سراہتا ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق سوشل میڈیا پر جاری بیان میں جرمن دفتر خارجہ نے کہا کہ آبنائے ہرمز اور باب المندب کے حوالے سے پاکستان کا کردار قابل تعریف ہے۔ دوسری جانب جرمن اور پاکستانی وزرائے خارجہ نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کی۔ اس حوالے سے جرمن دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ اسحاق ڈار سے جرمن وزیر خارجہ کی ملاقات میں یوکرین اور روس امن مصالحت پر بھی گفتگو ہوئی۔ جرمنی اور پاکستان نے یوکرین میں امن کے لیے مذاکرات دوبارہ شروع کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ صباح 8

ٹرمپ کی دھمکیوں کے بعد اپنی تیار تقریر سے ہٹ کر تقریر کی، ٹرمپ کی دھمکی آمیز تقریر کی تو اپنی تقریر میں ان دھمکیوں کا جواب دینے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی قوم طاقت کے سامنے سر نہیں جھکائے گی، ہم مذاکرات کے لیے تیار ہیں لیکن ہم طاقت کی زبان قبول نہیں کریں گے۔ ایرانی صدر کا کہنا تھا کہ امن کے علمبردار خود بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیاں کر رہے ہیں، جسے وہ تباہ کرنا چاہتے ہیں اس پر دہشت گردی کا الزام لگا دیتے ہیں، دوسروں کو خطے میں بے امنی کا ذمے دار ٹھہراتے ہیں کیونکہ ہم ان کے آگے سر نہیں جھکاتے۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران نے کسی ملک پر حملہ نہیں کیا، ہمیشہ اپنا دفاع کیا ہے، ایران جارحیت کے لیے نہیں اپنے دفاع کے لیے طاقت کا حصول چاہتا ہے، ایران اتنا مضبوط ہونا چاہیے کہ کوئی ہماری بقا خطرے میں ڈالنے کا سوچ بھی نہ سکے۔

بقیہ صباح 9

مارچ بارے اہم اعلان کریں گے۔ منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ لیوی کے خاتمہ کی ملک گیر احتجاجی تحریک جاری ہے، اسلام آباد لانگ مارچ چند روز کے لیے حکمت عملی کے تحت موخر کیا، وزیراعظم وطن واپسی پر بلا تاخیر پٹرولیم لیوی پر بات چیت کا آغاز کریں، ڈائیلاگ سے کام نہ لیا تو مارچ کا آغاز کر دیں گے۔ حکومت نے جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کارکنوں کی گرفتاریوں کا جال بچھایا تھا، اسے ناکام کر دیا۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، امیر لاہور ضیاالدین انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ اسلام آباد سومنات ہے نہ کسی کی جاگیر۔ جہاں پالیسی ساز ادارے، سپریم کورٹ، پارلیمنٹ موجود ہے وہاں ہر سیاسی پارٹی کو احتجاج کا حق حاصل ہے، احتجاج کو پرامن رکھنا سیاسی پارٹی کی ذمہ داری ہے۔ پی ٹی آئی کے احتجاج کی حمایت اور کارکنوں اور بالخصوص خواتین کی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہیں۔ خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کی بازگشت ہے جو وفاق کو کسی صورت زیب نہیں دیتی۔ پی ٹی آئی رہنماؤں، علامہ راجہ ناصر عباس، محمود خان اچکزئی اور بیرسٹر گوہر نے حکومت کو مذاکرات کی پیشکش کی ہے، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ پی ٹی آئی کی پیشکش کا مثبت جواب دے اور بات چیت کے لیے کمیٹی تشکیل دے۔ ان کا کہنا تھا کہ پرامن احتجاج جمہوریت اور سیاست کا حسن اور طاقت ہے۔ نائب امیر کا کہنا تھا کہ عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں ردوبدل کے پاکستان میں اثرات ایک قدرتی امر ہے تاہم ایک لٹر پر ایک سو ساٹھ روپے لیوی کسی صورت قبول نہیں۔ اسی طرح وزیراعظم کے پٹرول پر ریلیف کا بھی عام آدمی کو کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ہے۔

بقیہ صباح 10

کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ بی جے پی حکومت علاقے میں صحافیوں کو ہراساں کرنے اور ڈرانے دھمکانے کے لیے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے، اس نے علاقے میں اظہار رائے کی آزادی کے حق سمیت تمام بنیادی حقوق سلب کر رکھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو کوئی علاقے میں بھارتی جبر کے خلاف آواز بلند کرنے کی کوشش کرتا ہے اسے "پبلک سیفٹی ایکٹ اور یو اے پی اے" جیسے کالے قوانین کے تحت فوراً سلاخوں کے پیچھے ڈال دیا جاتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بھارتی حکومت نے اگست 2019 میں مقبوضہ علاقے کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے بعد علاقے میں ایک نئی میڈیا پالیسی نافذ کر دی، اس پالیسی کے تحت صحافیوں کو وہی مواد شائع یا نشر کرنے کا پابند بنا دیا گیا ہے جسے علاقے کا محکمہ اطلاعات پیشگی منظوری دی جا چکا ہو۔ علاقے میں مقامی پریس سخت کنٹرول، خوف اور دھمکیوں کے سائے میں کام کر رہا ہے۔ حریت کانفرنس کے بیانات کو بھی روزنامہ اخبارات میں شائع کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

بقیہ صباح 11

کے دوران پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان افرادی قوت، روزگار کے نئے مواقع، پیشہ ورانہ تربیت اور باہمی تعاون کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان تعلقات مثالی ہیں، جو وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان افرادی قوت اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ پیشہ ورانہ تربیت اور باہمی تعاون کے شعبوں میں بھی مسلسل کام جاری ہے۔ اماراتی قونصل جنرل شیخ عتیق الرومیثی نے ملاقات کو خوشگوار اور مثبت قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک باہمی تعاون کے فروغ کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آنے والے عرصے میں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات میں مزید مثبت پیش رفت ہوگی۔ ملاقات کے اختتام پر وفاقی وزیر نے متحدہ عرب امارات کے قونصل خانے اور ویزا اسینٹر کا دورہ بھی کیا، جہاں انہیں ویزا درخواستوں کی کارروائی اور درخواست گزاروں کو فراہم کی جانے والی مختلف سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ صباح 12

میں رینجرز کو قانونی اختیارات کے تحت مکمل معاونت کی اجازت دی ہے، چیف کمشنر اسلام آباد اور حکومت پنجاب کی درخواست پر رینجرز کی تعیناتی کی اجازت دی گئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ انتشاری اور مسلح جتھوں کے حملوں پر رینجرز اور پولیس مناسب اور ضروری جوابی ایکشن لے، رینجرز اور پولیس کسی بھی پرتشدد سرگرمی یا خطرے سے نمٹنے کیلئے مکمل اقدامات کرے گی۔ وزارت داخلہ کے مطابق رینجرز لا کا امن و امان اور سیکیورٹی معاونت کیلئے تمام ضروری ذمہ داریاں سر انجام دیں گے۔

بقیہ صباح 13

ڈالر کا اضافہ ہوا، جبکہ 2025 کی پہلی ششماہی میں عالمی قرض میں 12 ہزار ارب ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا تھا۔ عالمی قرض مانیٹر کے مطابق بڑھتی ہوئی شرح سود، قرض کی بلند فنانسنگ لاگت، توانائی کی قیمتوں میں اضافہ اور ایران تنازع عالمی قرض میں اضافے کی اہم وجوہات ہیں۔ قرض میں اضافہ گزشتہ 5 سال کی اوسط سے بھی زیادہ رہا۔ آئی آئی ایف کے مطابق رواں سال کی پہلی ششماہی میں ابھرتی ہوئی معیشتوں کے قرض میں 6 ہزار 500 ارب ڈالر کا اضافہ ہوا، جن میں چین کے قرض میں سب سے زیادہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق امریکا، فرانس، برطانیہ اور جاپان کو مسلسل مالی خسارے اور قرض پر بلند شرح سود کی ادائیگیوں کے مسائل کا سامنا ہے، جبکہ بڑی ترقی یافتہ معیشتوں میں مصنوعی ذہانت، دفاع اور توانائی کے اخراجات بھی نمایاں رہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل فنانس کے مطابق بڑی ترقی یافتہ معیشتوں کیلئے سود کی لاگت 18 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔ مہنگائی کے باعث قرض اور مجموعی ملکی پیداوار کے تناسب میں بظاہر استحکام دکھائی دیتا ہے تاہم حقیقی طور پر عالمی مالیاتی خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ صباح 14

یہ بات پاکستانی اور چینی الیکٹرانک میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے چین میں نسلی اتحاد کے فروغ کے اقدامات اور تجربات کے حوالے سے سوالات کے جواب دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں مقیم بہت سے چینی شہریوں کا تعلق سنکیانگ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان کو اپنا آہنی دوست سمجھتا ہے اور تمام شعبوں میں دونوں ممالک کے درمیان تبادلوں اور باہمی تجربات سے استفادہ کرنے کے عمل کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تیار ہے۔ سفیر نے صدر شی جن پنگ کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ چین نے ملک کی تمام نسلی اکائیوں کی متحدہ کوششوں کے ذریعے تاریخی کامیابیاں حاصل کیں اور مستقبل میں بھی اسی اتحاد کے ذریعے ترقی کے نئے ابواب رقم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی اقتصادی حالات، ترقی کے مواقع اور چینی قوم کے لیے مضبوط اجتماعی احساس پیدا کرنے کی کوششوں سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ چین کے اندرون و بیرون ملک شہری بھی مشترکہ طور پر "چینی خواب" کی تکمیل کے لیے کردار ادا کر رہے ہیں۔ جیانگ زی دونگ نے کہا کہ چین کی کامیابیوں سے پاکستان بھی سماجی استحکام اور عوام کی معاشی خوشحالی کے فروغ میں فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا سنکیانگ چین کی ترقی اور سماجی استحکام کی نمایاں مثال ہے۔ پاکستانی میڈیا نے سنکیانگ کی ترقی کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے جس پر چین ان کا شکر گزار ہے۔

بقیہ صباح 15

کے وفد نے ملاقات کی، جس میں شعبہ صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور سماجی انٹرپرینیورز کے ساتھ ساتھ مختلف یوتھ این جی اوز کے سربراہان اور پروفیشنلز شامل تھے۔ وزیراعظم نے وفد کا خیر مقدم کیا اور نوجوانوں کو مختلف شعبہ جات میں بہتری کیلئے تجاویز دینے اور پاکستان کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی دعوت دی۔ وزیراعظم نے کہا کہ بیرون ملک مقیم باصلاحیت پاکستانی نوجوان مجھ سمیت پوری قوم کا فخر ہیں، پختہ یقین ہے کہ پاکستان کی قسمت صرف نوجوان ہی بدل سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان بھر کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور جدید ہنر سکھانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، خادم پنجاب کے دور سے باصلاحیت نوجوانوں کو لیپ ٹاپ، وظائف اور معاشی طور پر کمزور طلبا و طالبات کو دانش سکولز کے ذریعے تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کرنے کا جو سلسلہ شروع کیا تھا، وہ بطور خادم پاکستان بھی جاری ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ معاشی طور پر کمزور بچوں کو دانش سکولز کے ذریعے بین الاقوامی معیار کی تعلیم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اب عالمی معیار کی دانش یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ پاکستان کے نوجوانوں کی ترقی کیلئے آپ کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ نوجوانوں نے نوجوانوں کی ترقی بالخصوص آئی ٹی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کاروبار میں آسانی کیلئے اقدامات پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کو خراج تحسین پیش کیا۔ ملاقاتوں میں رانا مشہود احمد خان چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام، معاون خصوصی بلال بن ثاقب، پاکستان کے اقوام متحدہ میں مستقل مندوب عاصم افتخار، پاکستان کے امریکا میں سفیر رضوان احمد شیخ، وزیراعظم کے غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے ترجمان مشرف زیدی، سید قمر رضا چیئرمین اوورسیز فاؤنڈیشن، مینیجنگ ڈائریکٹر اوورسیز فاؤنڈیشن افضال بھٹی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ صباح 16

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور مالدیپ کے اسپیکر میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں علاقائی سلامتی اور دوطرفہ تعاون پر گفتگو ہوئی۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے برادرانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، پاکستان باہمی مفاد کے لیے مالدیپ سے تعلقات مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ مالدیپ کے اسپیکر نے علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کی تعریف کی۔ پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دوطرفہ روابط مزید گہرے کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ مالدیپ کے اسپیکر کا باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔ عبدالرحیم عبداللہ کی علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا۔ پاکستان اور مالدیپ کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے باہمی تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ صباح 17

ہے۔ پمز میں 10 ارب روپے کی لاگت سے 205 بستروں پر مشتمل نیا کینسر اسپتال بھی تعمیر کیا جا رہا ہے۔ پمز ہسپتال میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ پمز میں اس سے قبل کینسر کے مریضوں کے لیے صرف 11 بستروں کی سہولت موجود تھی، تاہم نئے کینسر ہسپتال کی تکمیل سے اس شعبے میں نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے بتایا کہ پمز کی پرانی عمارت کے حوالے سے 2018 سے ایک منصوبہ تیار تھا، تاہم پہلے پی سی ون اور بعد ازاں دوسرے پی سی ون میں خامیاں سامنے آئیں، کام شروع ہونے کے بعد پی ڈبلیو ڈی بند ہو گیا، جس کے بعد ڈی ایچ اے نے عمارت کی تعمیر کا کام شروع کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ انہوں نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے رابطہ کر کے تعمیراتی کام تیز کرایا۔ انہوں نے بتایا کہ مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ (سی ایچ) سینٹر میں مرمتی کام 15 نومبر تک مکمل ہو جائے گا، پمز میں نئے ہسپتالوں کی تعمیر سمیت مختلف ترقیاتی کام پہلے سے جاری ہیں۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ حکومت لیبارٹری کے حوالے سے ایک نجی کمپنی کے ساتھ شراکت داری کرنے جا رہی ہے، جس کے تحت مریضوں کے ٹیسٹ بغیر اضافی رقم خرچ کیے کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوشش ہے کہ پمز آنے والے مریضوں کو ایک بھی ٹیسٹ باہر سے نہ کرانا پڑے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ہیپاٹائٹس کا 7 ہزار روپے مالیت کا ٹیسٹ مفت کیا جا رہا ہے، جبکہ 34 ہزار روپے مالیت کی دوا بھی مفت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہیپاٹائٹس کے حوالے سے اب تک 70 ہزار ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں۔

بقیہ صباح 18

طویل ریڈ کارپٹ بچھایا گیا، توپوں کی سلامی دی گئی اور امریکی فضائیہ کے دو B-1 بمبار طیاروں نے فضائی مظاہرہ کیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور خاتون اول میلانیا ٹرمپ نے چینی صدر شی جن پنگ اور ان کی اہلیہ پینگ لی یوان کا ایئرپورٹ کے رن وے پر ریڈ کارپٹ پر استقبال کیا، دونوں رہنماؤں اور ان کی اہلیاں نے مصافحہ کیا اور مختصر گفتگو بھی کی۔ شی جن پنگ کے استقبال کے لئے امریکی اور چینی پرچموں کے ساتھ تین رنگی دستے تعینات کیے گئے تھے جبکہ امریکی فضائیہ کے بینڈ نے دونوں ممالک کے قومی ترانے پیش کیے، امریکی فوج کی تمام سروسز کے پلاٹونز بھی استقبالیہ تقریب کا حصہ تھے۔ سپرسونک طیارے امریکی جنگی بیڑے کا اہم حصہ ہیں اور روایتی و جوہری حملہ کرنے کی صلاحیتوں کے لیے جانے جاتے ہیں۔ B-1 طیاروں نے حالیہ عرصے میں ایران کے خلاف کارروائیوں میں بھی جنگی خدمات انجام دی ہیں۔ استقبالیہ تقریب کے آغاز سے قبل وائٹ ہاؤس اور امریکی فوج نے پروگرام کی مکمل تفصیلات ظاہر نہیں کی تھیں تاہم بعد میں سامنے آنے والی تفصیلات کے مطابق تقریب میں ریڈ کارپٹ، توپوں کی سلامی، دونوں ممالک کے پرچم، قومی ترانے اور فوجی دستوں کی پریڈ شامل تھی۔ ٹرمپ اور شی جن پنگ کے درمیان اس تین روزہ دورے کے دوران ٹیرف، مصنوعی ذہانت، ایران جنگ اور تائیوان سمیت اہم عالمی و دوطرفہ معاملات پر بات چیت متوقع ہے۔ امریکا اور چین کے درمیان گزشتہ سال طے پانے والا تجارتی معاہدہ بھی نومبر میں ختم ہونے والا ہے جس کے باعث تجارتی معاملات بھی ملاقاتوں میں اہم موضوع رہیں گے۔

بقیہ صباح 19

نے آپریشن غضب للحق کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے ایک ویڈیو کلپ بھی شیئر کیا جس میں افغان طالبان حکومت کے زیر کنٹرول علاقوں پکتیکا، خوست اور قندھار میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور معاون انفرا اسٹرکچر کو تباہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ یہ اہداف پاکستان کے اندر معصوم شہریوں کے خلاف دہشت گرد حملوں اور 23 ستمبر کو افغان طالبان حکومت کی جانب سے ڈرون کے ذریعے حالیہ ناکام دراندازی کی کارروائی سے منسلک تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان دہشت گرد پراکسیز کی جانب سے بیرونی سرپرستی، پناہ اور معاونت کے ذریعے لاحق کسی بھی خطرے کے خلاف اپنی علاقائی سالمیت کا دفاع اور اپنے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ جاری رکھے گا۔ قبل ازیں سماجی رابطے کے پلیٹ فارم "ایکس" پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان برسوں سے افغان طالبان حکومت اور اس کے رابطہ کاروں کے سامنے افغان سرزمین پر دہشت گرد پناہ گاہوں اور ان کے معاون نیٹ ورکس کی مسلسل موجودگی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتا رہا ہے، ان نیٹ ورکس کے خاتمے اور پاکستان کے خلاف دہشت گردی کیلئے افغان سرزمین استعمال کرنے والوں کے خلاف قابل اعتماد اور قابل تصدیق کارروائی کرنے کے بجائے، افغان طالبان حکومت نے پاکستان کے خلاف ڈرون کارروائیوں کے ذریعے صورتحال کو مزید بگاڑنے کا راستہ اختیار کیا۔

بقیہ صباح 20

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی اس سوشل میڈیا پوسٹ کا حوالہ دیا جس میں انہوں نے یوکرین جنگ کے خاتمے پر زور دیا تھا۔ یوکرینی صدر نے اس بیان پر امریکی صدر کو سراہتے ہوئے مزید کہا کہ صرف روسی صدر پیوٹن ہی ہیں جو اس جنگ کو جاری رکھنا چاہتے ہیں جس کا مقصد مشرقی یوکرین کے ڈونیسک خطے سے آگے مزید علاقوں پر قبضہ کرنا ہے۔ یوکرینی صدر نے روس کے ساتھ جنگ میں شمالی کوریا کی مبینہ معاونت کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ شمالی کوریا کے فوجی روس بھیجے جا رہے ہیں تاکہ روسی فوج کے کمزور محاذوں کو سہارا دیا جا سکے۔ زیلنسکی نے پیوٹن کو دوسری جنگ عظیم کے بعد یورپ کی سب سے بڑی جنگ شروع کرنے کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے عالمی برادری پر زور دیا کہ روس پر دباؤ برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے روس کے خلاف پابندیوں میں نرمی کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ روس کی آمدنی کو ہدف بنائے رکھنا ضروری ہے۔ روس کی تیل کی صنعت اس وقت شدید دباؤ کا شکار ہے اور تاریخ میں پہلی بار یہ صنعت دھوئیں کے سہارے چل رہی ہے۔ یوکرینی صدر نے مصنوعی ذہانت سے لیس ہتھیاروں کی تیز رفتار ترقی پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے ہتھیار پہلے ہی عالمی خطرہ بن چکے ہیں اس لیے ان کی ترقی کو محدود کرنے کی ضرورت ہے۔ صدر زیلنسکی نے مزید کہا کہ روس کے خلاف جنگ میں یوکرین کو سفارت کاری اور طاقت دونوں کی ضرورت ہے اور کیف دونوں شعبوں میں موجود خلا کو بتدریج کم کر رہا ہے۔ انہوں نے چینی صدر شی جن پنگ سے ملاقات کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکی صدر ٹرمپ سے نیویارک میں ملاقات کے بعد روس اور یوکرین کے درمیان توانائی کے شعبے میں جنگ بندی کے امکان پر بات کی ہے۔ یوکرینی صدر نے کہا کہ یوکرین روسی توانائی تنصیبات پر حملے روکنے کے لیے تیار ہے بشرطیکہ روس بھی یوکرین کے توانائی نظام کو نشانہ بنانا بند کرے۔

بقیہ صباح 21

کہا کہ افغان سرزمین سے پاکستان میں ڈرونز بھیجنا ملکی خودمختاری اور سالمیت کی کھلی خلاف ورزی ہے، پاکستان کے ایئر ڈیفنس سسٹم نے تمام دراندازی ڈرونز کا سراغ لگا کر انہیں تباہ کر دیا۔ پاکستان کے مطابق تمام ڈرونز کو مقررہ اہداف تک پہنچنے سے پہلے ہی ناکارہ بنا دیا گیا، پاکستان نے اپنے دفاع کے حق کے تحت افغانستان میں ڈرونز کی لانچنگ اور ذخیرہ کرنے کے 10 مقامات کو نشانہ بنایا، افغانستان میں کارروائیاں شناخت شدہ فوجی اہداف تک محدود اور متناسب تھیں۔ حکام نے کہا کہ افغان سرزمین سے دہشت گردی یا حملے کسی صورت قبول نہیں کیے جائیں گے، پاکستان کی خودمختاری کی خلاف ورزی کا فوری اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، پاکستان نے افغان طالبان حکومت سے پاکستان کے خلاف تمام hostile سرگرمیاں فوری روکنے کا مطالبہ کر دیا۔ پاکستان نے کہا کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف حملوں یا مخالفانہ کارروائیوں کے لئے استعمال نہیں ہونا چاہئے، پاکستان خطے میں امن، مذاکرات اور تعمیری روابط کے لیے پرعزم ہے، امن کے عزم کو کمزوری یا دشمنانہ کارروائیوں کی لامحدود برداشت نہ سمجھا جائے۔ پاکستان کا مزید کہنا ہے کہ شہریوں اور ملکی سلامتی کے تحفظ کے لئے تمام ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔

بقیہ صباح 22

قیادت سے بیک ڈور رابطے اب بھی ہیں، لانگ مارچ موخر کیے جانے تک پی ٹی آئی والوں سے مذاکرات نہیں ہو سکتے، لانگ مارچ سے متعلق صرف بیانات دیئے جا رہے ہیں، عملی طور پر مارچ نہیں ہوگا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ سڑکیں کھلی ہوئی ہیں، کنٹینرز سڑک کنارے پڑے ہیں، جنہیں حفاظتی اقدامات کے طور پر رکھا گیا ہے۔ لانگ مارچ موخر کیے جانے تک پی ٹی آئی والوں سے مذاکرات نہیں ہو سکتے، لانگ مارچ سے متعلق صرف بیانات دیئے جا رہے ہیں، عملی طور پر مارچ نہیں ہوگا۔ یہ یاد رکھا جائے کسی کو بھی اسلام آباد پر چڑھ دوڑنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ صباح 23

اقتصادی ترقی کا اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر اور کیش لیس ادائیگیوں کے فروغ پر زور دیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ فری لانسرز کو اعلیٰ مہارتوں کی جانب منتقل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ جات سے متعلق قانون سازی اور نگرانی پر کام جاری ہے۔ وزیر خزانہ نے ڈیجیٹل اثاثہ جات کے عملی استعمال اور کم لاگت ترسیلات زر پر توجہ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا، سرکاری قرض اور رئیل اسٹیٹ کی ممکنہ ٹوکنائزیشن پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ محمد اورنگزیب نے امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے چیئرمین جان جوانو وچ سے ملاقات کی، ملاقات میں پی آئی اے کیلئے طیاروں کی خریداری پر امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک سے مالی معاونت پر گفتگو ہوئی۔ وزیر خزانہ نے پی آئی اے کی بوئنگ 787 ڈریم لائنرز میں دلچسپی سے آگاہ کیا اور بوئنگ طیاروں اور انجنوں کی خریداری کیلئے مالی معاونت کے پیکیج پر زور دیا۔ گراؤنڈ کیے گئے بوئنگ 777 طیاروں کے لیے اسپیئر پارٹس کی فراہمی بھی زیر بحث آئی۔ پی آئی اے طیاروں کی پری ڈیلیوری ادائیگیوں کے لیے ممکنہ مالی معاونت پر بھی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں پاکستان میں ریفائنری اپ گریڈ کیلئے امریکی معاونت اور ریکوڈک منصوبے کے لیے امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کی معاونت پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ پاکستان کی مستقبل کی برآمدات کے لیے اہم ہے اور منصوبے میں تاخیر کی لاگت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ اہم شعبوں کے لیے بین الاقوامی مالی معاونت متحرک کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون کے فروغ پر توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ صباح 24

نمائندے شریک ہوئے۔ وزارت آئی ٹی اور پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی نے اجلاس کو فیول ریلیف اسکیم پر بریفنگ دی۔ جس میں بتایا گیا کہ ملک بھر میں فیول ریلیف اسکیم کے تحت پانچ ملین سے زائد افراد رجسٹرڈ ہو چکے ہیں، فیول ریلیف اسکیم کے ٹوکن کامیابی سے جاری کیے جا رہے ہیں۔ بتایا گیا کہ اکثر پیٹرول پمپس پر رجسٹریشن سمیت دیگر مسائل حل ہو چکے ہیں، اس وقت وزیراعظم کی ہدایت پر ملک بھر میں فیول ریلیف اسکیم کامیابی سے جاری ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ صوبائی حکومتوں نے رکشوں کی رجسٹریشن کا عمل شروع کر دیا ہے۔ صوبائی حکومتوں نے کہا رجسٹریشن مکمل ہونے پر رکشوں کو فیول ریلیف اسکیم میں شامل کیا جائے گا۔ رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کے مالکان فیول ریلیف اسکیم سے مستفید ہو رہے ہیں۔ احد چیمہ نے کہا کہ عوام کو فیول ریلیف اسکیم سے فائدہ پہنچانے کے لیے رجسٹریشن مسائل فوری حل کیے جائیں، رکشوں اور لوڈرز کے اہل مالکان کو فیول ریلیف سے محروم نہ رکھا جائے۔ احد چیمہ نے کہا رجسٹریشن یا ٹوکن سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے پورٹل جلد فعال کیا جائے، ایکسائز رجسٹریشن اور ٹوکن ادائیگی کے مسائل والے رکشوں اور لوڈرز کو بھی شکایتی نظام میں لیا جائے۔ پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی نے کہا کہ صارفین کی شکایات درج کرنے کے لیے پورٹل جلد فعال کرنے کی کوشش کریں گے۔ وفاقی وزیر احد چیمہ نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر اراکین پارلیمنٹ کے اپنے حلقوں کے پیٹرول پمپس کے دورے اور فیول ریلیف اسکیم کا جائزہ خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ اراکین پارلیمنٹ کے فیڈ بیک کی روشنی میں سسٹم کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق اسکیم سے متعلق ریئل ٹائم ڈیٹا اپ ڈیٹ رکھا جائے گا۔

بقیہ صباح 25

جمعرات کو وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں پیٹرولیم مصنوعات کی بلا تعطل فراہمی، وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم پر عملدرآمد، ملک بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل دستیابی یقینی بنانے کے لئے سپلائی چین، ٹرانسپورٹیشن اور لاجسٹکس انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق اجلاس میں پاکستان ریلویز، اوگرا، آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (او سی اے سی)، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں، پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن، آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے لئے پیٹرولیم ڈیلرز کی ایسوسی ایشنز کے تعاون اور مکمل حمایت کو سراہا۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ حکومت امن و امان کی کسی بھی صورتحال یا سڑکوں کی بندش کی صورت میں ایندھن کی فراہمی بلاتعطل رکھنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ صباح 26

کے بجلی کے بلوں میں براہ راست کمی نہیں ہوگی۔ نیپرا کے مطابق کے الیکٹرک کا ملٹی ایئر ٹیرف مالی سال 2023-24 سے 2029-30 تک کیلئے مقرر کیا گیا ہے۔ ابتدائی طور پر نیپرا نے کمپنی کیلئے اوسط ٹیرف 39.97 روپے فی یونٹ مقرر کیا تھا، جس کے خلاف کے الیکٹرک اور دیگر متعلقہ فریقوں نے نظرثانی درخواستیں دائر کی تھیں۔ نیپرا نے مختلف نظرثانی درخواستوں پر 20 اکتوبر 2025 کو فیصلے کرتے ہوئے اوسط ٹیرف 39.97 روپے سے کم کر کے 32.37 روپے فی یونٹ کر دیا تھا۔ اس طرح اوسط بنیادی ٹیرف میں 7.60 روپے فی یونٹ یعنی تقریباً 19 فیصد کمی کی گئی۔ کے الیکٹرک نے نظرثانی شدہ 32.37 روپے فی یونٹ ٹیرف کو ایپلیٹ ٹریبونل میں چیلنج کیا، تاہم تقریباً 11 ماہ کی کارروائی کے بعد ایپلیٹ ٹریبونل نے کمپنی کی اپیل مسترد کرتے ہوئے کم کیا گیا ٹیرف برقرار رکھا۔ نیپرا نے اب 20 اکتوبر 2025 کے نظرثانی فیصلوں کو باضابطہ طور پر نوٹیفائی کر دیا ہے، جس کے بعد کے الیکٹرک کا اوسط بنیادی ٹیرف 32.37 روپے فی یونٹ برقرار رہے گا۔ نئے اوسط ٹیرف میں بجلی کی خریداری کی لاگت تقریباً 27.81 روپے فی یونٹ، ترسیل کے اخراجات 2.40 روپے اور تقسیم کے اخراجات 2.90 روپے فی یونٹ شامل ہیں، جبکہ سپلائی کے اخراجات میں تقریباً 0.78 روپے فی یونٹ کی کریڈٹ رقم بھی شامل کی گئی ہے۔ اس معاملے کا پس منظر 27 مئی 2025 کے نیپرا فیصلے سے جڑا ہے، جس میں کے الیکٹرک کے ٹیرف میں 6.15 روپے فی یونٹ اضافے کی منظوری دی گئی تھی اور کمپنی کا اوسط ٹیرف 39.97 روپے فی یونٹ مقرر ہوا تھا۔ بعد ازاں نظرثانی درخواستوں پر ٹیرف میں کمی کی گئی، جسے کے الیکٹرک نے ایپلیٹ ٹریبونل میں چیلنج کیا، تاہم اپیل مسترد ہونے کے بعد 32.37 روپے فی یونٹ کا اوسط بنیادی ٹیرف برقرار رہا۔

بقیہ صباح 27

چیئرمین نتالیہ کوچانووا کی دعوت پر ہو رہا ہے، جس کا مقصد پاکستان اور بیلاروس کے درمیان پارلیمانی و دوطرفہ روابط کو مزید مستحکم کرنا اور تجارت، معیشت اور انسانی بنیادوں پر باہمی تعاون سمیت مشترکہ مفادات کو فروغ دینا ہے۔ دورے کے دوران پاکستانی پارلیمانی وفد کا دو روزہ مصروف پروگرام طے ہے۔ دورے کی اہم سرگرمی پاکستانی سینیٹ اور بیلاروس کے ایوان جمہوریہ کے درمیان پارلیمانی تعاون کے لیے مفاہمت کی بنیادی یادداشت (MoU) پر دستخط ہوں گے۔ وفد کی اعلیٰ سطحی بیلاروسی حکام سے ملاقاتیں اور مذاکرات بھی شیڈول ہیں، جبکہ وفد کو بیلاروس کی صنعتی و طبی شعبے میں نمایاں اداروں کا دورہ بھی کرایا جائے گا۔ اس سلسلے میں منسک ٹریکٹر پلانٹ سمیت ملک کے ممتاز طبی، سائنسی اور عملی تحقیقی مراکز کے دورے بھی پروگرام کا حصہ ہیں۔ یہ دورہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان پارلیمانی روابط کو مزید وسعت دینے، باہمی تعاون کے نئے مواقع پیدا کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو نئی سمت دینے کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ صباح 28

دوستانہ تعلقات، پارلیمانی سفارت کاری، دوطرفہ تجارت و سرمایہ کاری، تعلیم، دفاع، سیاحت، موسمیاتی تبدیلی، عوامی روابط اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے مالدیپ کی پیپلز مجلس کے اسپیکر اور معزز پارلیمانی وفد کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور مالدیپ کے تعلقات باہمی احترام، اعتماد، مشترکہ مفادات، اسلامی اخوت اور دیرینہ دوستانہ روابط پر استوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دوطرفہ تعلقات کے ساتھ ساتھ سارک، او آئی سی اور اقوام متحدہ کے مختلف فورمز پر بھی مالدیپ کے ساتھ تعاون کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ پارلیمانی سفارت کاری دونوں ممالک کے درمیان باہمی مفاہمت، ادارہ جاتی تعاون اور عوامی سطح پر روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کی پارلیمانوں کے درمیان وفود کے تبادلوں، تجربات کے اشتراک اور پارلیمانی روابط کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ صباح 29

کامرس اینڈ انڈسٹری کی 50 ویں سالگرہ کے موقع پر بزنس ایکسی لینس ایوارڈز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ چیمبر اپنے ممبران کی استعداد کار میں اضافہ کریں اور عالمی منڈیوں تک رسائی اور برآمدات کے فروغ کے لئے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکاروں اور کاروباری برادری کو برآمدات بڑھانے کے لئے اپنا کردار مزید موثر بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ بیوروکریسی کا پیچیدہ نظام ہے، حکومت سول سروس اصلاحات لا رہی ہے تاکہ انتظامی نظام عوامی سہولت اور کاروبار کے فروغ کے لئے کام کرے۔ ہمیں پالیسیوں کی معیشت کی بجائے صنعت، پیداوار اور برآمدات کو فروغ دینا ہوگا۔ احسن اقبال نے کہا کہ فیصل آباد کی صنعتیں اپنی برآمدات میں 20 فیصد اضافہ کریں، حکومت آئندہ سال فیصل آباد میں ایکسپو سینٹر کے قیام کے لئے اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ وزیراعظم سے فیصل آباد ایکسپو سینٹر کے قیام کی سفارش کریں گے جبکہ شہر کے ٹیکس اور آر ٹی او سے متعلق مسائل بھی وزیراعظم کے علم میں لائے جائیں گے۔ فیصل آباد ایئرپورٹ کے مطالبے سے بھی وزیراعظم کو آگاہ کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ فیصل آباد کو بہترین سہولیات کی فراہمی اس کا حق ہے، حکومت کاروباری برادری کو ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی۔

بقیہ صباح 30

حل کیا جانا چاہیے احتجاج کسی بھی مسئلے کا مستقل حل نہیں، حکومت کو عوامی مسائل کے حل کے لیے عوام کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا چاہیے اور پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ مل بیٹھ کر اس کے تحفظات دور کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہی۔ زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ملک اس وقت متعدد داخلی چیلنجز سے دوچار ہے، ایسے حالات میں سیاسی قوتوں کے درمیان محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات، مفاہمت اور پارلیمانی طریقہ کار کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوامی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے ایسے اقدامات کریں جن سے سیاسی کشیدگی میں کمی آئے اور عوام کے مسائل پر توجہ مرکوز کی جا سکے۔ زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے جو بھی مسائل اور تحفظات ہیں، انہیں آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے بات چیت کے ذریعے حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کے ساتھ مذاکرات کے دروازے کھلے رکھنے چاہئیں، کیونکہ جمہوری نظام میں اختلاف رائے کا حل مذاکرات اور آئینی اداروں کے ذریعے نکالا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27 ستمبر کے احتجاج کے حوالے سے حکومت کو دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعلقہ سیاسی قیادت سے رابطہ کرنا چاہیے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ عوام احتجاج، سیاسی کشیدگی اور محاذ آرائی کے بجائے اپنے بنیادی مسائل کا حل چاہتے ہیں، اس لیے سیاسی قیادت کو عوام کی مشکلات کو ترجیح دینی چاہیے۔ رکن بلوچستان اسمبلی نے مزید کہا کہ ملک میں سیاسی استحکام کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کی پاسداری کرتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھنا ہوگا۔ مسائل کا حل طاقت یا محاذ آرائی میں نہیں بلکہ مذاکرات، باہمی مشاورت اور سیاسی عمل کو آگے بڑھانے میں ہے۔

بقیہ صباح 31

فہرست میں پاکستان نویں نمبر پر ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان سمیت 5 ممالک کیلئے قرض کی منظوری دی، جبکہ مشرق وسطی اور وسطی ایشیا کے خطے میں پاکستان کیلئے سب سے بڑی رقم منظور کی گئی۔ آئی ایم ایف کے مطابق تقریباً 8.1 ارب ایس ڈی آر کی مجموعی رقم میں سے پاکستان کیلئے ایک ارب ایس ڈی آر منظور کیے گئے، جو تقریباً 1.3 ارب ڈالر کے مساوی بنتے ہیں۔ رپورٹ میں پاکستان میں سیلاب سے متاثرہ افراد کی مدد کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف کی جانب سے ماحولیاتی تبدیلی اور قدرتی آفات کے اثرات سے نمٹنے کیلئے مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔

بقیہ صباح 32

ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ریلوے نے سرگودھا اور ملتان کے درمیان چلنے والی ٹرین کچھ عرصہ قبل بند کر دی تھی جس سے عوام الناس بالخصوص طلبا، ملازم پیشہ اور کاروباری افراد کو روزمرہ کے سفر کے لئے شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ علاقے کے عوام ریلوے سے اس ٹرین کو بحال کرنے کی درخواستیں کرتے رہے لیکن شنوائی نہ ہوئی۔ 24 مئی کو سلانوالی کے ایک رہائشی محمد رمضان نے سرگودھا میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر میں ٹرین کی بحالی کے لئے درخواست دی۔ علاقائی دفتر کے انچارج خواجہ سیف الرحمان نے راولپنڈی اور ملتان سے ریلوے حکام کو طلب کر کے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران محکمہ ٹرین بند کرنے کے بارے میں کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا، تاہم ریلوے حکام نے سماعت کے دوران موقف اختیار کیا کہ ٹرین کی بحالی پاکستان ریلوے ہیڈ کوارٹرز لاہور میں ریلوے ٹریفک کے دفتر کا اختیار ہے چنانچہ معاملہ ریلوے ہیڈ کوارٹرز میں اٹھایا گیا۔ کیس کی سماعت اور خط و کتابت کے بعد وفاقی محتسب نے اپنے فیصلے میں سانڈل ایکسپریس کو بحال کرنے کے احکامات جاری کر دیئے۔

بقیہ صباح 33

دیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج سے وابستہ دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز سے بچ علاقے میں سیکیورٹی اقدامات مزید موثر بنائے گئے ہیں، جبکہ دہشت گردوں نے بچنے کے لیے مسجد کو بطور ڈھال استعمال کرنے کی کوشش کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے مسجد کے تقدس اور حرمت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے انتہائی مہارت اور احتیاط کے ساتھ دہشت گردوں کو نشانہ بنایا۔ کارروائی کے بعد علاقے میں سیکیورٹی اقدامات مزید موثر بنائے گئے ہیں، جبکہ دہشت گردوں کے ممکنہ سہولت کاروں اور دیگر عناصر سے متعلق بھی معلومات اکٹھی کی جا رہی ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز خیبر پختونخوا سے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں اور دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ صباح 34

گلدستہ پیش کیا اور نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت آزاد جموں و کشمیر میں ترقیاتی سرگرمیوں، عوامی فلاح و بہبود اور خطے کی موجودہ ترقیاتی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے آزاد کشمیر کی نئی حکومت کو یقین دہانی کرائی کہ وفاقی حکومت خطے کی ترقیاتی ترجیحات کے حصول اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق منصوبوں کی تکمیل کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت آزاد جموں و کشمیر میں ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے حکومت آزاد کشمیر کے ساتھ بھرپور تعاون اور موثر رابطہ کاری کو یقینی بنائے گی۔ وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے وفاقی وزیر کی آمد اور منصب سنبھالنے پر نیک خواہشات کا اظہار کرنے پر وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے آزاد کشمیر کی ترقیاتی ترجیحات کے حوالے سے وفاقی حکومت کی جانب سے تعاون اور معاونت کی یقین دہانی کو سراہا۔ ملاقات میں وفاقی حکومت اور حکومت آزاد جموں و کشمیر کے درمیان مختلف امور پر رابطہ کاری مزید موثر بنانے اور باہمی دلچسپی کے معاملات پر تعاون کو فروغ دینے کے حوالے سے بھی خیالات کا تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ صباح 35

ہونے کے بعد 4 لاکھ 48 ہزار 336 روپے کا ہو گیا۔ اسی طرح فی 10 گرام سونے کی قیمت میں 4 ہزار 180 روپے کی کمی ریکارڈ کی گئی، جس کے بعد نئی قیمت 3 لاکھ 84 ہزار 375 روپے ہو گئی۔ سونے کے علاوہ مقامی مارکیٹ میں چاندی کی قیمت بھی کم ہو گئی۔ فی تولہ چاندی 17 روپے کی کمی سے 6 ہزار 837 روپے جبکہ 10 گرام چاندی 14 روپے سستی ہو کر 5 ہزار 861 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ صباح 36

جانب لے جانے کے لیے قابل عمل اقدامات پر غور کیا A Transiti erdNet L andCleaboPathway "2040'yElectricSystainab کی روشنی میں منعقد کی گئی۔ ورکشاپ میں ملک کے بجلی کے شعبے سے وابستہ اہم اداروں اور ماہرین نے شرکت کی اور توانائی کے نظام کو مرحلہ وار ماحول دوست توانائی کی جانب منتقل کرنے کے عملی تقاضوں پر غور کیا۔ مشاورت میں ایل ای آئی کے ماہرین ڈاکٹر سلمان رفیق چوہدری، انجینئر عمر فاروق، ڈاکٹر محمد ایوب اور ڈاکٹر نوید ارشد کے علاوہ وزارت توانائی، نیشنل گرڈ کمپنی، آئی ایس ایم او، واپڈا، جینکوز، پی پی ایم سی، نیپرا، ایس آئی ایف سی، سی پی پی اے۔ جی، سرکاری و نجی تھرمل بجلی گھروں، آلات تیار کرنے والی کمپنیوں، ٹیکنالوجی فراہم کنندگان، جامعات، تحقیقی اداروں اور صنعت کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ورکشاپ میں قابل تجدید توانائی کی پیداوار کو ترسیلی نظام کی ترقی سے ہم آہنگ کرنے، توانائی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت بڑھانے، طلب کے انتظام، بجلی کے نظام میں لچک پیدا کرنے، گرڈ کو درکار معاون خدمات کے حصول اور مرحلہ وار عملی منصوبے کے ذریعے ادارہ جاتی ذمہ داریاں واضح کرنے کو اہم ترجیحات قرار دیا گیا۔ مشاورت کا ایک اہم پہلو موجودہ تھرمل بجلی گھروں کے ایسے یونٹس، جو تکنیکی اور معاشی اعتبار سے موزوں ہوں، کو سنکرونس کنڈینسرز میں تبدیل کرنے کا امکان تھا۔ ماہرین کے مطابق ایسے انتظام سے بجلی کے نظام میں وولٹیج کو مستحکم رکھنے، اچانک اتار چڑھاؤ اور شارٹ سرکٹ کی مطلوبہ صلاحیت فراہم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ صباح 37

2026 کے اعلیٰ سطحی مکالمے میں شرکت کی، جہاں انہوں نے پاکستان میں جاری جامع ریگولیٹری اصلاحات، سرمایہ کاروں کے لیے سہولت کاری کے اقدامات اور پائیدار، ٹیکنالوجی پر مبنی اور برآمدی سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع کو اجاگر کیا۔ وفاقی وزیر نے گلوبل ریگولیٹری انوویشن پلیٹ فارم کے افتتاحی پینل ریگولیٹنگ تھرو ان سرٹینٹی: لرننگ انوویشن اینڈ امپلی منٹیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایسا ریگولیٹری ماحول تشکیل دے رہا ہے جو عوامی مفاد کا تحفظ، سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال اور منظم رکھے اور جدت کو تصورات سے عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ حکومت کا مقصد کم سے کم، سادہ، واضح اور قابل پیش گوئی ریگولیشنز متعارف کرانا ہے جبکہ ضروری حفاظتی اقدامات کو برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی مقصد بہتر ریگولیشن ہے، جو سرمایہ کاروں کے لیے منصوبہ بندی کو آسان بنائے، بدلتے ہوئے حالات کے مطابق خود کو ڈھال سکے اور عوامی اعتماد کو برقرار رکھے۔ وفاقی وزیر نے ریگولیٹری جدیدکاری میں بورڈ آف انویسٹمنٹ کے مرکزی کردار کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ تقریباً 30 شعبوں میں 90 کے قریب وفاقی و صوبائی محکموں کے تعاون سے 500 سے زائد ریگولیٹری اصلاحات نافذ کی جا چکی ہیں۔

بقیہ صباح 38

منعقدہ اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں ماڈل جیل منصوبے پر جاری ترقیاتی کاموں، باقی ماندہ تعمیراتی و انتظامی امور اور افتتاح سے متعلق تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کے تمام بقایا کام جلد از جلد نمٹائے جائیں تاکہ اگلے ماہ اس کا باقاعدہ افتتاح ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈیڑھ دہائی سے تاخیر کا شکار اس اہم منصوبے کی تکمیل میں اب مزید تاخیر کی ہرگز کوئی گنجائش نہیں۔ وفاقی وزیر نے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی رابطے مزید موثر بنانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ افتتاح سے قبل تعمیراتی اور انتظامی امور سمیت تمام لوازمات ہر صورت مکمل کیے جائیں اور کسی بھی سطح پر غیر ضروری سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے بتایا کہ وہ ماڈل جیل منصوبے کی تکمیل کے عمل کی ذاتی طور پر نگرانی کر رہے ہیں اور پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ہفتہ وار بنیادوں پر خود سائٹ کا دورہ بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تمام متعلقہ محکموں کے باہمی تعاون سے پراجیکٹ کو مقررہ وقت پر مکمل کر لیا جائے گا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے)، فیڈرل پراسیکیوٹر جنرل، انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد پولیس، ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) سمیت دیگر اعلیٰ سول و پولیس افسران نے شرکت کی۔

بقیہ صباح 39

افغانستان کے اکیلے شکست کی وجہ نہیں تھی، اس میں بہت سی قوتیں شامل تھیں میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ اسی طرح امریکہ بھی شکست کی وجہ سے نہیں بلکہ افغان طالبان کے ساتھ باہمی رضامندی سے افغانستان چھوڑ کر چلا گیا ہے، افغانستان اب اس غلط فہمی میں ہے کہ وہ بڑی طاقت بن چکا ہے اور انڈیا، ہندوستان کے پیسوں کے زور اور اسرائیل کے پیسوں کے زور پر پاکستان سے لڑنا چاہتا ہے پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور یہاں لاکھوں علماء ہیں جو روزانہ کی بنیاد پر پاکستان کی سلامتی کے لیے دعائیں کرتے ہیں، جبکہ پاکستان کی فوج سرحدوں پر تیار بیٹھی ہے کہ اگر کسی نے پاکستان کی طرف میلی نظر سے دیکھا تو اسے منہ توڑ جواب دیں گے انہوں نے کہا کہ افغانستان غلط فہمی سے نکل کر اصلی حقائق پر آئے اور جنگ، دیگر ممالک کے مفادات اور ہندوستان کے پیسوں کی بجائے ایک اچھے ہمسائے کی طرح پاکستان کے ساتھ رہے افغانستان اپنے لوگوں کو بھی اس جنگ کے عذاب سے نکالے اور جو نقصانات ان کے لوگوں نے چالیس سال میں جنگ کے دوران برداشت کیے ہیں، ان نقصانات کا ازالہ کرے، نہ کہ اپنے آپ کو ایک خوش فہمی میں ڈال کر اپنے ملک کو ایک نئی جنگ میں ڈالے اگر پاکستان کے ساتھ لڑے گا افغانستان تو شکست افغانستان کی مقدر ہوگی۔

بقیہ صباح 40

کیلئے کافی محنت اور جدوجہد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ذمہ دار اور آزاد صحافت معاشرے میں عوامی مسائل اجاگر کرنے، اداروں کو جوابدہ بنانے اور عوام اور حکومتی اداروں کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ انہوں نے روز اول سے گورنر ہاؤس کے دروازے میڈیا پرسنز سمیت تمام عوام کیلئے کھلے رکھے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صحافیوں کے مسائل اور پیشہ ورانہ ضروریات کو ہمیشہ اہمیت دی ہے اور ان کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائیگا۔ آخر میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پاکستان جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے بارہویں یوم تاسیس کے موقع پر کیک بھی کاٹا۔

بقیہ صباح 41

برقرار رکھے جا سکیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بحری تعلیم کے فروغ کے لیے میری ٹائم ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ قائم کیا گیا ہے جس کے لیے ایک ارب 20 کروڑ روپے کی ابتدائی رقم مختص کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میرین اکیڈمی کو ڈگری جاری کرنے والے ادارے کی حیثیت سے اپ گریڈ کیا جا رہا ہے تاکہ بحری شعبے میں تربیت اور پیشہ ورانہ مہارت کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کو جدید بنانے کے لیے 12 ارب روپے کے منصوبے پر کام شروع ہو چکا ہے، جس کے تحت بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا جا رہا ہے تاکہ یارڈ کو بین الاقوامی حفاظتی اور ماحولیاتی معیارات سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بحری آپریشنز میں ماحولیاتی تحفظ کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا بالخصوص سمندری آلودگی پر قابو پانے اور ماحول دوست شپنگ کی جانب منتقلی کے لیے اقدامات ضروری ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ساحلی علاقوں میں مینگروز کی بحالی کے اقدامات کیے جا رہے ہیں جبکہ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی جانب سے سمندری آلودگی کے خاتمے کے لیے ہفتہ وار صفائی مہم بھی شروع کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ میری ٹائم ڈے کا 2026 کا موضوع پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے بھی اہم ہے جس میں بنیادی ڈھانچے اور جدت کے ذریعے ہدف 9، موسمیاتی اقدامات کے ذریعے ہدف 13، سمندروں کے تحفظ کے ذریعے ہدف 14 اور عالمی شراکت داری کے ذریعے ہدف 17 کے حصول میں مدد مل سکتی ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ یہ موضوع پاکستان کے لیے بندرگاہی آپریشنز، شپنگ، بحری تحفظ، بحری عملے کی تربیت اور سمندری ماحول کے تحفظ سمیت مختلف شعبوں میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔ وفاقی وزیر نے اپنے طویل المدتی وژن کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا مجوزہ میری ٹائم [illegible] 204 214 [illegible] سمندر کی نئی بندرگاہوں کے قیام، جہاز سازی اور جہازوں کی ری سائیکلنگ کے لیے مصنوعی ذہانت سے لیس بحری صنعتی مراکز کے قیام، پاکستان میں جہازوں کی تیاری، ماحول دوست اور ڈیجیٹل بندرگاہوں کی ترقی اور علاقائی بحری تعاون کے فروغ پر توجہ مرکوز کرے گا۔

بقیہ صباح 42

مقابلے میں تقریباً 37 ارب روپے کی کمی رہ گئی۔ آئی ایم ایف نے بجٹ میں تقریباً 85 ارب روپے کے شماریاتی فرق پر بھی تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سرکاری اداروں میں گورننس اصلاحات پر مطلوبہ پیش رفت نہ ہونے کا معاملہ بھی مذاکرات کا اہم حصہ ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مذاکرات کامیاب ہونے کی صورت میں پاکستان کے لیے مجموعی طور پر 1.2 ارب ڈالر کی دو قرض اقساط کے حصول کی راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ مذاکرات میں میکرو اکنامک صورتحال، مالیاتی پالیسی، بیرونی شعبے اور اصلاحاتی پروگرام پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ آئی ایم ایف مشن نے پاکستان کے ساتھ آرٹیکل فور مشاورت بھی شروع کر دی ہے، جس کے دوران ملکی معیشت کی مجموعی صورتحال اور پالیسیوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے باعث پاکستان کی بیرونی فنانسنگ، درآمدی بل اور مجموعی بیرونی شعبے پر ممکنہ اثرات کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ عالمی توانائی اور مالیاتی حالات میں تبدیلی کے تناظر میں پاکستان کی بیرونی ضروریات اور مالیاتی استحکام پر بھی مذاکرات کا ملکی زرمبادلہ ذخائر میں عارضی کمی کا امکان ہے۔

بقیہ صباح 43

کسی بھی ایسے ذریعے سے چہرہ ڈھانپنے یا چھپانے پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے جس سے کسی شخص کی شناخت ممکن نہ رہے۔ محکمہ داخلہ نے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی انتظامیہ کو احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ صباح 44

ملک کے دیگر حصوں، بشمول اسلام آباد اور راولپنڈی، میں بھی امن قائم ہے، صوبائی حکومت نے پولیس فورس کو دہشتگردی کے خلاف موثر کارروائی کے لئے تاریخ میں بے مثال مالی وسائل، جدید آلات اور شہداء پیکج فراہم کیا ہے، پولیس فورس کی اصل ذمہ داری عوام کے جان و مال کا تحفظ ہے اور اسے کسی سیاسی تنازع یا سیاسی جماعت کے خلاف کارروائی میں الجھانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، پولیس کو اپنی تمام تر توجہ پیشہ ورانہ فرائض، امن و امان کے قیام اور دہشتگردی کے خاتمے پر مرکوز رکھنی ہوگی۔ امن و امان کے حوالے سے منعقدہ ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس اور عوام گزشتہ 22 سال سے دہشتگردی کا مسلسل مقابلہ کر رہے ہیں۔ پولیس اور عوام کی قربانیوں کے نتیجے میں 2018 سے 2022 تک عمران خان کی حکومت کے دور میں خیبر پختونخوا میں امن قائم ہوا، تاہم 2022 میں رجیم چینج آپریشن اور ریاست کی غلط پالیسی کے باعث صوبے میں دوبارہ دہشتگردی لائی گئی۔

REQUEST FOR PROPOSAL/TENDER NOTICE

The Deputy Commissioner/ Chairman Allotment Committee Dera Murad Jamali invites bids from eligible Bidders for supply of following items (TSE-2627091197434) **Only electronic bid will be submitted; No. physical bid is required. Note: In all Procurements of GOB whether through Electronic or Manual Bid submission, it is mandatory for all bidders to get registered at Electronic Public Procurement system of BPPRA GOB.** Tender Fee 1000 PKR

S.No.	Class of Object	Bid Security
1	Consultancy services for Google Mapping, Satellite G.I.S Town Dera Murad Jamali (5050-Acre Land)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014.

CONDITIONS:

1. Complete Google/satellite map, GIS/GPS Town area 5050 acres with detail of roads, streets, commercial, residential, official establishment (agricultural and white plots).

2. Measurement of each commercial, residential, agricultural and white plots (on 31-12-2022 & present status).

3. Preparation of complete Massaves, field books, and momi maps.

4. Preparation of separate massvies of each category i.e commercial, residential, officials' establishments white plots and agricultural lands.

5. Any other task relating or required during survey & measurement of land.

Eligibility of Bidders: 2 Assignments of similar nature and complexity Turnover of at least 5,000,000 PKR Amount in 2 subsequent previous years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan **Procedure of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 06-10-2026 till **12:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on **07-10-2026 at 01:00 PM on EPPS System Address:** Office of the Deputy Commissioner office Naseerabad at Dera Murad Jamali

Phone no: 0838710661 **Fax No:** 0838710040
Email: dcnaseerabad@gmail.com

DPRQ/PRQ No.1544/24-09-2026

Deputy Commissioner Naseerabad/
Chairman Allotment Committee D.M.Jamali

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan